لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
e.sheharnama.com

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہرنامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper: www.sheharnama.com
Facebook@sheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارلحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیرالاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر: راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر: اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | جمعرات 25 جون 2026ء، 09 محرم الحرام 1447ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 300
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

وزیراعظم وزراء کو کنٹرول کریں ورنہ مشکلات میں اضافہ ہو گا: بلاول بھٹو

پاکستان ایران تعلقات جنگ سے قبل بھی اچھے تھے مگر اب مزید بہتر ہو گئے، گلگت بلتستان میں پی پی کا مینڈیٹ تسلیم کرنے پر ن لیگ کا شکریہ ادا کرتا ہوں

حالات بگڑ چکے، پی پی کشمیر میں نہ کل الیکشن ملتوی کروانی چاہتی تھی اور نہ آج، مسئلہ حل کرنے کیلئے مولانا فضل الرحمان کو کردار دینا چاہیے، چیئرمین پی پی کا اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ کشمیر میں حالات بگڑ چکے ہیں، ریاست کی پالیسی واضح ہے، چند وفاقی وزرا مشکلات پیدا کر رہے ہیں، وزیراعظم اپنی ٹیم کو کنٹرول کریں ورنہ مشکلات میں اضافہ ہوگا۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال میں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو سپورٹ کرنے پر گلگت بلتستان کے عوام کا شکریہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

کنگ سلیمان ہسپتال ترلائی کی تعمیر کیلئے ٹینڈر جاری، کام جلد شروع ہونے کا امکان

ہسپتال کا قیام دیہی علاقوں میں صحت کے شعبے میں ایک انقلابی اقدام ثابت ہوگا، راجہ خرم نواز

عوامی خدمت، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقے کی ترقی کیلئے کوششیں آئندہ بھی جاری رہیں گی

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) کنگ سلیمان ہسپتال ترلائی کلاں اسلام آباد کی تعمیر کے لیے باضابطہ طور پر ٹینڈر جاری جلد تعمیراتی کام شروع ہونے کا امکان رکن قومی اسمبلی اور قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

خیبرپختونخوا اسمبلی بجٹ منظور، وفاق اور حکومت پنجاب ہمارا حق نہیں دے رہے: سہیل آفریدی

صوبائی بجٹ میں ایوان کے لیے مطالبات زر کی مد میں 62 کروڑ 79 لاکھ کی منظوری بھی شامل

وفاق نے ڈالر کی قیمت زبردستی روک رکھی ہے ورنہ 500 روپے تک جائے گی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا بجٹ سیشن سے خطاب

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے دعویٰ کیا ہے کہ وفاقی حکومت نے ڈالر کی قیمت زبردستی روک رکھی ہے ورنہ ڈالر کی قیمت 500 روپے تک جائے گی۔ خیبر پختونخوا اسمبلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے دعویٰ کیا ہے کہ وفاقی حکومت نے ڈالر کی قیمت زبردستی روک رکھی ہے ورنہ ڈالر کی قیمت 500 روپے تک جائے گی۔ خیبر پختونخوا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

مسلم دنیا مشترکہ سلامتی کے لیے متحد ہو: باقر قالیباف

ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر کی اسلامی ممالک سے باہمی احترام اور علاقائی تعاون بڑھانے کی اپیل

باکو (صباح نیوز) ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ لبنان میں جاری کشیدگی اور جنگ کا خاتمہ ایران میں جنگ کے خاتمے جتنا ہی اہم ہے، کیونکہ خطے کے امن، استحکام اور ترقی کا انحصار تمام علاقائی تنازعات کے منصفانہ حل پر ہے۔ آذربائیجان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمن اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو مصافحہ کر رہے ہیں

عالمی منڈی میں تیل قیمتوں کا بڑا کریش
تیل زمین بوس، مارکیٹ میں ہلچل، قیمتیں کم ترین سطح پر، سرمایہ کار حیران

برینٹ کروڈ گر کر تقریباً 8.73 ڈالر فی بیرل تک بھی پہنچ گیا، ایرانی خام تیل کی برآمدات میں ممکنہ اضافے سے بھی عالمی منڈی میں رسد بڑھنے کا امکان

مشرق وسطیٰ کی صورتحال اب بھی غیر یقینی، کشیدگی بڑھنے یا آبنائے ہرمز میں تیل کی ترسیل متاثر ہوئی تو خام تیل کی قیمتوں میں ایک بار پھر تیزی آسکتی ہے، ماہرین

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے جہاں برینٹ کروڈ کی قیمت تقریباً 4 ماہ کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی۔ عالمی جریدے بلوم برگ کے اعداد و شمار کے مطابق خام تیل برینٹ کروڈ 80.74 ڈالر فی بیرل پر ٹریڈ کرتا رہا جو بعد میں مزید گر کر تقریباً 8.73 ڈالر فی بیرل تک بھی پہنچ گیا۔ یہ پہلا موقع ہے کہ برینٹ کروڈ کی قیمت 75 ڈالر فی بیرل سے نیچے آئی ہے جو فروری کے آخر میں امریکا اور اسرائیل کی ایران کے ساتھ کشیدگی شروع ہونے سے پہلے کی سطح کے قریب ہے۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں تیزی سے کمی کی وجہ امریکا ایران معاہدے کے بعد آبنائے ہرمز سے تیل بردار جہازوں کی آمدورفت معمول پر آنا ہے۔ علاوہ ازیں امریکا کی جانب سے 60 روز کے لیے پابندیاں نرم کرنے کے بعد ایرانی خام تیل کی برآمدات میں ممکنہ اضافے سے بھی عالمی منڈی میں رسد بڑھنے کا امکان ہے۔ ایک اور بڑی وجہ خلیجی ممالک کی جانب سے تیل کی فراہمی میں اضافہ اور بعض کارگو عاتی نرخوں پر فروخت ہونا ہے۔ ان تمام پیشرفتوں کے بعد سرمایہ کاروں نے تیل کی قیمتوں میں شامل اضافی جیو پولیٹیکل رسک پریمیم نکالنا شروع کر دیا ہے جس سے قیمتوں میں مزید تیزی سے کمی آئی۔ اسی دوران سونے کی قیمتوں میں بھی کمی دیکھی گئی جبکہ عالمی اسٹاک مارکیٹوں میں نسبتاً بہتری آئی ہے۔ اگرچہ اس وقت عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں مسلسل کمی دیکھی جا رہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

برتھ سرٹیفکیٹ کیساتھ کوئی کشمیری نہیں بنتا، بیان پر قائم ہوں: خواجہ آصف

کشمیریوں نے جانیں دی لیکن ہم نے بھی جانیں دیں، ہم نے پانچ جنگیں لڑی ہیں لیکن صلہ کیا ملتا ہے

ہم نے میثاق جمہوریت کر کے ماضی کو بھلایا اور آگے بڑھے، آئیں میثاق جمہوریت کو مزید بہتر بناتے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ کشمیر سے متعلق دیے گئے اپنے بیان پر قائم ہوں، انہوں نے جو بیانات دیے میں نے اسکا جواب دیا اور میں نے جو بات کی اسکی دلیل بھی دی ہے۔ قومی اسمبلی اجلاس میں نکتہ اعتراض پر بات کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ جناب اسپیکر میں نے اس حوالے سے ٹویٹ بھی کیا، برتھ سرٹیفکیٹ کے ساتھ کوئی کشمیری یا پاکستانی نہیں بنتا، کشمیریوں نے جانیں دی لیکن ہم نے بھی جانیں دیں، ہم نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

اسلام آباد، وفاقی وزیر جنید انور چوہدری سے امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر ملاقات کر رہی ہیں

خواتین سفارتکار موثر موقف پیش کر رہی ہیں، صدر

اسلام آباد (آئی این پی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے خواتین سفارتکاروں کے عالمی دن پر خواتین کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اقوام متحدہ سمیت عالمی فورمز پر خواتین سفارت کار پاکستان کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

قومی اسمبلی سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو بل منظور

ایف بی آر کے ماضی کے احکامات اور تقرریوں کو قانونی تحفظ فراہم کر دیا گیا

اسلام آباد (صباح نیوز) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ترمیمی) بل 2026 سینیٹ کے بعد قومی اسمبلی سے بھی منظور کر لیا گیا، جس میں ماضی کے تمام اقدامات کو قانونی تحفظ دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سینیٹ کے بعد قومی اسمبلی نے بھی فیڈرل بورڈ آف ریونیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 68)

اسرائیلی فوجی دستوں کی شام کے سرحدی علاقوں میں پیش قدمی

دمشق (آئی این پی) اسرائیلی فوجی دستوں نے شام کے سرحدی علاقوں پر پیش قدمی شروع کر دی۔ عرب میڈیا رپورٹ کے مطابق ایک ویڈیو سامنے آئی ہے جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 67)

کراچی، ماحولیاتی نمونے میں پولیو وائرس کی موجودگی کا انکشاف

ویکسین مہم 6 تا 12 جولائی تک جاری، والدین بچوں کو قطرے ضرور پلوائیں، حکام

کراچی (آئی این پی) کراچی میں ایک ماحولیاتی نمونے میں پولیو وائرس پایا گیا ہے۔ سندھ ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (ای او سی) کے مطابق صوبے میں پولیو وائرس سے متعلق 21 ماحولیاتی نمونے منفی، جب کہ صرف ایک میں پولیو وائرس پایا گیا ہے۔ جون میں سندھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 69)

بلاول بھٹو، علیم خان کی ملاقات، جی بی حکومت سازی پر گفتگو

چیئرمین پی پی نے حکومت سازی میں حمایت پر تحریک استحکام کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے تحریک استحکام پاکستان کے صدر عبدالعلیم خان نے ملاقات کی، ملاقات میں گلگت بلتستان میں حکومت سازی سے متعلقہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے تحریک استحکام پاکستان کے صدر عبدالعلیم خان نے منزہ حسن، گل حسن بگھور اور عون چوہدری کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی، اس موقع پر گلگت بلتستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف گیلانی کو سینیٹر سلیم مانڈوی والا قائمہ کمیٹی برائے فنانس کی سالانہ رپورٹ پیش کر رہے ہیں

مستقبل کی جنگیں جدید سوچ ٹیکنالوجی اور نئی حکمت عملیوں کی متقاضی ہیں: نیول چیف

قومی دفاع کو مضبوط بنانے کے لیے خود انحصاری اور جدید عسکری مہارتوں کا فروغ ناگزیر ہے، نیول چیف

سیکورٹی ماحول میں دفاعی اداروں کو اپنی حکمت عملیوں اور صلاحیتوں کو نئے چیلنجز کے مطابق ڈھالنا ہوگا، نوید اشرف

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف نے کہا ہے کہ مستقبل کی جنگوں کے تقاضے روایتی جنگی حکمت عملیوں پر نظرثانی اور جدید ٹیکنالوجی سے لیس، فکری طور پر مضبوط افرادی قوت کی تیاری کے متقاضی ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تیزی سے بدلتے ہوئے سیکورٹی ماحول میں دفاعی اداروں کو اپنی حکمت عملیوں اور صلاحیتوں کو نئے چیلنجز کے مطابق ڈھالنا ہوگا۔ پاک فوج کے شعبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی زیر صدارت اجلاس

محرم الحرام سیکورٹی پلان اور حکومت کے فل پروف انتظامات کیلئے جائزہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کی زیر صدارت محرم الحرام سیکورٹی پلان اور حکومت کے فل پروف انتظامات کیلئے جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں پولیس حکام نے محرم سے قبل و دوران اور بعد کے سیکورٹی انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جبکہ اس دوران بتایا گیا کہ محرم الحرام کے دوران صوبہ بھر میں 317,43 پولیس اہلکار تعینات کیے جائیں گے جبکہ اضلاع کی سطح پر جامع سیکورٹی پلان مرتب کر کے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹرز فعال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

آبنائے ہرمز فیس، ایرانی منصوبے کی حمایت نہیں کرینگے، قطر

دوحہ (صباح نیوز) قطر کے وزیراعظم شیخ محمد بن عبدالرحمان الثانی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے پر فیس لگانے کے ایرانی منصوبے کی حمایت نہیں کریں گے۔ برطانوی اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے قطری وزیراعظم کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

اقوام متحدہ کیساتھ شراکت داری مضبوط بنائیں گے: آصفہ بھٹو

پولیو کے خاتمے، صحت، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے تعاون بڑھانے پر زور

اسلام آباد (صباح نیوز) خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے پاکستان کے ترقیاتی، سماجی اور موسمیاتی اہداف کے حصول کے لیے اقوام متحدہ کے ساتھ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ خواتین اور بچوں کی صحت، تعلیم، غذائیت، پولیو کے خاتمے اور موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے شعبوں میں مشترکہ کوششوں کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ ایوانِ صدر میں اقوام متحدہ کے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ اور پاکستان میں مختلف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

ملک کو ہائبرڈ نظام نہیں آئین کی حکمرانی بچا سکتی: لیاقت بلوچ

ایران، امریکہ جنگ بندی کا خیر مقدم، کشمیر و معاشی بحران پر قومی مکالمے کا مطالبہ

لاہور (پ ر) نائب امیر جماعتِ اسلامی، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ نے تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حسینیت اور یزیدیت حق و باطل کی واضح دائمی شاہراہ ہے۔ حسینیت اسلام کے دائمی اصولوں کے مطابق جنت کا راستہ اور یزیدیت اسلام سے بغاوت و انحراف کی بنیاد پر جہنم کی آگ کا راستہ ہے۔ میدانِ کربلا کے شہداء امام عالی مقام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

اسلام آباد، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری سے اقوام متحدہ کے کنٹری ڈائریکٹر محمد یحییٰ وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

آبنائے ہرمز پر کوئی فیس عائد نہیں کر سکتا، مارکو روبیو

ایران ریاست کے طور پر کام کرے تو ترقی کے مواقع ہیں، صحافیوں سے گفتگو

ابوظبی (صباح نیوز) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے آبنائے ہرمز پر کوئی ملک ٹول یا فیس عائد نہیں کر سکتا، عالمی آبی راستے پر ٹیکس یا فیس لگانا بین الاقوامی قانون کے خلاف ہے۔ مارکو روبیو نے ابوظبی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران کو انقلابی تحریک کے بجائے بطور ریاست کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایران ریاست کے طور پر کام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

نجی املاک پر کوئی ٹاور نصب نہیں کیا جائے گا، اعظم تارڑ

تحفظات کو جلد ہی دور کر دیا جائے گا، کسی بھی شہری کی جائیداد متاثر نہیں ہوگی

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیرِ قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ مالکان کی اجازت کے بغیر کسی بھی نجی املاک پر کوئی ٹاور نصب نہیں کیا جائے گا۔ اعظم نذیر تارڑ نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن ترمیمی بل پر اٹھائے گئے اعتراضات پر وضاحت دیتے ہوئے کہا کہ یہ بل متنازع نہیں ہے، سینیٹ کی قائمہ کمیٹی میں بل کی چند شقوں پر اعتراضات سامنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

عمان کا آبنائے ہرمز میں عارضی بحری راہداری قائم کرنے کا اعلان

مسقط (صباح نیوز) عمان نے آبنائے ہرمز میں عارضی بحری راہداری قائم کرنے کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نئی بحری ہدایات جاری کر دی ہیں جس کے مطابق آبنائے ہرمز میں عارضی بحری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

بہاولپور، عزاداران کی بڑی تعداد سبیل سے شرکت لے کر پیاس بجھا رہی ہے

پاکستان ہمیشہ سے خطے اور دنیا میں امن و استحکام کا خواہاں رہا ہے: محسن نقوی

حالیہ پیش رفت ایران کی حکومت اور قیادت کی سنجیدہ اور مخلصانہ کوششوں کے بغیر ممکن نہ تھی، وفاقی وزیر داخلہ

امید ہے امن معاہدے کے خطے پر مثبت اور دور رس اثرات مرتب ہوں گے، ایرانی ہم منصب سے ملاقات کے موقع پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی کے درمیان اہم ملاقات ہوئی جس میں پاک ایران تعلقات، خطے کی سیکورٹی صورتحال اور حالیہ امن پیشرفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے خطے میں کشیدگی میں کمی پر اطمینان کا اظہار کیا اور دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر محسن نقوی نے سوئٹزرلینڈ کے شہر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

گلگت، حفیظ الرحمان نے قائد حزب اختلاف کا عہدہ سنبھال لیا

دفتر میں باقاعدہ کام کا آغاز، عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح قرار دیا

گلگت (صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) گلگت بلتستان کے صدر، حافظ حفیظ الرحمان نے بطور اپوزیشن لیڈر آج اپنے دفتر میں باقاعدہ طور پر کام کا آغاز کر دیا۔ انہوں نے پہلے روز مختلف امور کا جائزہ لیا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنی ذمہ داریاں سنبھال لیں اور عوامی مسائل کے حل کو اپنی اولین ترجیح قرار دیا۔ اس موقع پر حافظ حفیظ الرحمان نے کہا کہ عوام نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

یورپ شدید گرمی کی لپیٹ میں، ہلاکتیں 40 تک پہنچ گئیں

تعلیمی ادارے بند، ٹرینیں منسوخ، ٹرانسپورٹ کے نظام کو بھی مشکلات کا سامنا

برسلز (صباح نیوز) یورپ کے بیشتر ممالک شدید گرمی کی لہر کی زد میں ہیں جبکہ فرانس میں گرمی سے نجات پانے کے لیے نہروں، دریاؤں اور آبی مقامات کا رخ کرنے والے 40 افراد گزشتہ چند روز کے دوران ڈوب کر جان کی بازی ہار گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فرانسیسی وزیر اعظم سیباستیاں لیکورنو نے ہنگامی اجلاس سے قبل بتایا کہ 18 جون سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

ایران امریکا معاہدے کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں مزید گر گئیں

تہران (صباح نیوز) ایران اور امریکا کے درمیان معاہدے کی خبروں کے عالمی منڈی پر مثبت اثرات سامنے آنے لگے ہیں، جس کے بعد خام تیل کی قیمتوں میں کمی کا رجحان دیکھا گیا۔ عالمی منڈی میں ویسٹ ٹیکساس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

ٹرمپ مقبولیت کی شرح کم ہو کر 34 فیصد رہ گئی

امریکی عوام کی اکثریت کو جنگ بندی زیادہ عرصہ برقرار نہ رہنے کا خدشہ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکہ میں ہر چار میں سے صرف ایک شہری کا خیال ہے کہ ایران کے خلاف جنگ نقصانات کے مقابلے میں فائدہ مند ثابت ہوئی، جبکہ اکثریت کو خدشہ ہے کہ جنگ بندی زیادہ عرصہ برقرار نہیں رہ سکے گی۔ رائٹرز اور اپسوس سروے کے نتائج کے مطابق جنگ کے اثرات صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی عوامی مقبولیت پر براہ راست پڑے ہیں، ان کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

ایران امریکا ٹیکنیکل مذاکرات آئندہ ہفتے، پاکستان بھی شریک ہوگا: دفتر خارجہ

امریکا ایران معاہدے میں عالمی برادری نے پاکستان کے تعمیری و مؤثر کردار کو تسلیم کیا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان خطے میں استحکام، سفارت کاری اور تعمیری تعاون کے فروغ کے لیے کردار ادا کرتا رہے گا، ہفتہ وار پریس بریفنگ

اسلام آباد (صباح نیوز) ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے کہا ہے کہ امریکا ایران معاہدے میں عالمی برادری نے پاکستان کے تعمیری کردار کو تسلیم کیا ہے، پاکستان کی توجہ مستقبل پر مرکوز ہے اور ہم خطے میں استحکام، سفارت کاری اور تعمیری تعاون کے فروغ کے لیے کردار ادا کرتے رہیں گے۔ ترجمان طاہر اندرابی نے پریس بریفنگ کے دوران کہا کہ برگن اسٹاک میں پاکستان اور قطر کی ثالثی میں امریکا اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

2 روز میں رجسٹرڈ عازمین کی تعداد 51 ہزار سے تجاوز کر گئی

رجسٹرڈ عازمین میں 30 ہزار مرد اور 21 ہزار خواتین شامل ہیں، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (صباح نیوز) وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ حج 2027 کی آن لائن رجسٹریشن مہم کو عوامی سطح پر بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی، جس کے نتیجے میں 2 روز کے دوران رجسٹرڈ عازمین کی تعداد 51 ہزار سے تجاوز کر گئی۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق اب تک 46 ہزار افراد نے آن لائن پورٹل کے ذریعے جبکہ 5 ہزار افراد نے پاک حج موبائل ایپ استعمال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)



روزنامہ
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

پاکستان دشمن عناصر کو واضح پیغام دیا جائے!

کالعدم حافظ گل بہادر گروپ کی اعلیٰ قیادت کی کابل کے پرتعیش انٹرکانٹیننٹل ہوٹل میں آرام و آسائش کے ساتھ موجودگی کی جاری ہونے والی ایک تصویر نے پاکستان کے اس دیرینہ مؤقف کا ناقابلِ تردید اور ٹھوس ثبوت فراہم کر دیا ہے کہ پاکستان مخالف دہشت گرد گروپس نہ صرف افغان سرزمین سے کارروائیاں کر رہے ہیں بلکہ موجودہ افغان طالبان رجیم کے تحت انہیں محفوظ پناہ گاہیں بھی میسر ہیں۔ اس تصویر میں عسکریت پسند گروپ کی اعلیٰ قیادت کو دیکھا جا سکتا ہے جس میں گل بہادر گروپ کے سینئر کمانڈر اور سربراہ ابوسفیان، سردار حیات اور الیاس ابوسفیان کے ساتھ دیگر اہم شخصیات کمانڈر جلالی، کمانڈر رہبر وزیرستانی اور کمانڈر غازی موجود ہیں۔ یہ عسکریت پسند گروپ کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے ساتھ مل کر پاکستان میں دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث رہا ہے۔ اس سلسلہ میں پاکستان نے بار بار شواہد پیش کیئے ہیں اور افغان رجیم سے مطالبہ کیا ہے کہ اسے سرحد پار دہشت گردی کے مراکز کے خلاف سخت کارروائی کرنی چاہیئے تاہم کابل ان عناصر کی سرپرستی جاری رکھے ہوئے ہے جبکہ یہ دہشت گرد پاکستان سکیورٹی فورسز اور شہریوں پر حملوں میں ملوث ہیں۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ یو این سلامتی کونسل کی مانیٹرنگ ٹیم کی ان دہشت گردوں کی کابل میں سرگرمیوں کے حوالے سے متعدد رپورٹیں بھی سامنے آ چکی ہیں جن میں افغانستان کے اندر 20 سے زاید دہشت گرد تنظیموں کی مسلسل موجودگی کو اجاگر کیا گیا ہے۔ ان دہشت گرد تنظیموں کی مجموعی افرادی قوت کا تخمینہ 20 ہزار سے 23 ہزار کا لگایا گیا ہے۔ یہی دہشت گرد پاکستان کے اندر دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث ہیں۔ یہ حقیقت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ پاکستان کو گزشتہ دو دہائیوں سے دہشت گردی کے سنگین چیلنج کا سامنا ہے۔ ملک کے مختلف حصوں بالخصوص خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کی حالیہ لہر نے ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان کے خلاف پراکسی جنگ بدستور جاری ہے۔ اس ضمن میں پاکستان کی جانب سے بارہا عالمی برادری کو آگاہ کیا جاتا رہا ہے کہ افغان سرزمین پاکستان مخالف عناصر کی محفوظ پناہ گاہ بن چکی ہے، مگر افسوس کہ ان خدشات کو سنجیدگی سے نہیں لیا گیا۔ اب کابل کے ایک ہوٹل میں کالعدم حافظ گل بہادر گروپ کی اعلیٰ قیادت کی موجودگی کے واضح شواہد سامنے آنے کے بعد پاکستان کا موقف مزید مضبوط اور ناقابلِ تردید ہو گیا ہے۔ یہ انتہائی تشویشناک صورتِ حال ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث گروہ نہ صرف افغان سرزمین استعمال کر رہے ہیں بلکہ انہیں وہاں محفوظ پناہ گاہیں، سہولتیں اور دیگر وسائل بھی میسر ہیں۔ بین الاقوامی قوانین اور ہمسایہ ممالک کے مابین طے شدہ اصولوں کے مطابق کسی بھی ریاست کو اپنی سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہیے، تاہم افغان عبوری حکومت اس بنیادی ذمہ داری کو پورا کرنے میں ناکام نظر آتی ہے۔ پاکستان بارہا اس امر کی نشاندہی کر چکا ہے کہ بھارتی خفیہ ایجنسیاں افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال کرتی ہیں۔ پاکستان میں سرگرم بھارتی پراکسیز اور دہشت گرد گروہوں کو افغان سرزمین پر موجود محفوظ ٹھکانے اور لاجسٹک معاونت فراہم کیے جانے کے شواہد اس خدشے کو مزید تقویت پہنچا رہے ہیں کہ خطے کے امن کو سبوتاژ کرنے کے لیے ایک منظم منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ ایسے عناصر درحقیقت پاکستان کی سلامتی، استحکام اور معاشی ترقی کے دشمن ہیں اور وہ پاکستان دشمن بھارت کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں۔ اس صورتحال میں پاکستان کی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مسلسل کارروائیاں کر رہے ہیں۔

دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور کامیاب کارروائیاں اس امر کی دلیل ہیں کہ ریاست اپنی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ تاہم دہشت گردی کے اس ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے صرف سکیورٹی فورسز کے آپریشنز کافی نہیں بلکہ پوری قوم کو یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ بالخصوص خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف اس قومی جنگ میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ مقامی آبادی کا تعاون، مشکوک سرگرمیوں کی بروقت اطلاع اور ریاستی اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ قومی اتحاد، سیاسی یکجہتی اور عوامی تعاون سے پاکستان دشمن عناصر کو واضح پیغام دیا جائے کہ قوم اپنی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے متحد ہے اور کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دے گی۔

We love Pakistan



پاکستان، امریکا، ایران اور قطر کے مابین سوئٹزرلینڈ کے سیاحتی مقام برگن سٹاک میں ہونے والے مذاکرات مکمل ہو گئے۔ مذاکرات کی تکمیل پر مشترکہ اعلامیہ جاری کیا گیا۔ واضح رہے کہ امریکی صدر نے اپنے ایک دھمکی آمیز بیان میں کہا تھا کہ ایران فوری طور پر لبنان میں اپنی پراکسیز کو مسائل پیدا کرنے سے روکے۔ اگر ایران نے ایسا نہیں کیا تو ہم ایران پر سخت حملے کریں گے جس طرح ہم نے پچھلے ہفتے کیا تھا بلکہ حملہ اس سے بھی شدید ہوگا۔ اسی طرح، امریکی نشریاتی ادارے 'فوکس نیوز' سے گفتگو میں ٹرمپ نے کہا کہ ایران نے معاہدہ نہ کیا تو انھیں مکمل طور پر تباہ کر دوں گا۔ آبنائے ہرمز بند کی تو تباہ کن ردعمل دیں گے۔ ان کے پاس ملک نہیں رہے گا۔

ان دھمکی آمیز بیانات کے بعد مذاکراتی عمل میں تعطل آ گیا اور اس دوران محسن نقوی اور قطری وفد ڈیڈ لاک ختم کرانے کی کوشش کرتے رہے۔ ایرانی ذرائع ابلاغ کے مطابق، ایرانی وفد دوبارہ مذاکرات سے قبل قطر کے وفد کے ساتھ بات چیت میں مصروف رہا اور مشاورت کی۔ مذاکرات کے وقفے میں وفود نے داخلی مشاورت بھی کی۔ ایرانی ترجمان کا کہنا ہے کہ مذاکرات میں تعطل آیا ہے، ختم نہیں ہوئے۔ ادھر، امریکی نشریاتی ادارے 'سی این این' نے دعویٰ کیا ہے کہ مذاکرات کے پہلے راؤنڈ میں لبنان، آبنائے ہرمز اور ایرانی جوہری ذخائر پر بات ہوئی۔ مذاکرات میں ساٹھ روزہ مذاکراتی دور کی ساخت پر بات چیت ہوئی۔ فریقین کے درمیان واضح اور صاف گوئی کے ساتھ تبادلۂ خیال ہوا۔ ایک امریکی سفارتکار کے مطابق، سیاسی قیادت اور تکنیکی ٹیموں کے درمیان آئندہ رابطوں کے فریم ورک پر بھی اتفاق ہوا، چاروں فریق آج ہونے والی پیشرفت پر مطمئن دکھائی دیے۔

ایران کی مذاکراتی ٹیم کے سربراہ باقر قالیباف نے صدر ٹرمپ کی دھمکیوں پر ردعمل میں کہا ہے کہ ہم امریکی دھمکیوں کو کوئی اہمیت نہیں دیتے۔ بہتر ہے وہ اپنے بیانات میں احتیاط برتیں۔ ہماری مسلح افواج مختلف انداز میں جواب دینے کے لیے تیار ہیں۔ وہ کچھ بھی کہیں عمل تو ہم نے ہی کرنا ہے۔ ٹرمپ یہ نہیں سوچتے کہ اگر ان کی دھمکیوں کا کوئی اثر ہوتا تو وہ آج اس مایوسی کی حالت میں نہ پہنچتے۔ ایران کے پارلیمانی قومی سلامتی کمیشن کے ترجمان ابراہیم رضائی نے امریکی صدر کی دھمکی کے جواب میں کہا کہ صدر ٹرمپ آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی پر شکایت کر رہے ہیں۔ ٹرمپ دھمکا رہے ہیں کہ آبنائے ہرمز کا کنٹرول سنبھال کر اس کے محافظ بن سکتے ہیں۔ ان دھمکیوں اور بڑھکوں کی تاثیر اب ختم ہو چکی ہے۔ اگر آپ کے پاس صلاحیت ہوتی تو دوران جنگ ہرمز کا کنٹرول چند لمحوں کے لیے ہی سنبھال لیتے۔ آپ ایسا کرنا تو چاہتے تھے لیکن کر نہ سکے۔ علاوہ ازیں، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے ایرانی میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اتوار کے مذاکرات میں جنگ کے خاتمے، پابندیوں میں نرمی، ایران کے منجمد اثاثوں کی بحالی پر توجہ مرکوز رہی۔ ایرانی وفد کے رکن مہدی قربان زادہ نے اپنے بیان میں کہا کہ لبنان مسئلے کے حل تک دوسرے معاملات پر مزید بات چیت نہیں ہوگی۔

اس موقع پر امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا کہ پاکستان کے کردار کو دنیا بھر میں سراہا گیا ہے، ہم مستقبل کے لیے مزید بہتر کام کرنا چاہتے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ امن کے لیے ایران کے مثبت کردار کے خواہاں ہیں۔ مشرق وسطیٰ میں امن کا قیام ہماری ترجیح ہے۔ لبنان کی صورتحال پر تشویش ہے۔ امریکی صدر لبنان میں کشیدگی کے خاتمے کے لیے کوشاں ہیں۔ سوال یہ ہے کہ آیا ہم مشرق وسطیٰ میں تعلقات کو مستقل طور پر تبدیل کر سکتے ہیں؟ پچھلے چند گھنٹوں میں ہم نے بہترین پیشرفت کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا اور ایران امن و خوشحالی کے لیے مل کر کام کر سکتے ہیں۔ جنگ بندی کے ایسے معاہدوں میں ہمیشہ کچھ نہ کچھ گڑ بڑ ہوتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ آج امن، ترقی اور بحران کے خاتمے کے لیے عظیم دن ہے۔ تعمیری مذاکرات کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔

مذاکرات کے آغاز سے قبل گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے امریکا اور ایران کے درمیان تکنیکی سطح کے مذاکرات کی کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ عالمی امن کے لیے اہم موقع ہے، ہم مل کر دنیا میں اتحاد قائم کر سکتے ہیں۔ مذاکرات کی کامیابی سے دنیا بھر میں امن، ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ صدر ٹرمپ کی مدبرانہ قیادت کے باعث مذاکرات ممکن ہوئے اور پاک فوج کے سربراہ اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا مذاکرات کے لیے انتہائی اہم کردار ہے۔

دریں اثناء شہباز شریف سے جے ڈی وینس کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات سے قبل امریکی نائب صدر نے ایران اور امریکا کے درمیان معاہدے کے لیے پاکستان کی جانب سے کی جانے والی کوششوں کا اعتراف بھی کیا۔ اس حوالے سے ہونے والے سوال کے جواب میں جے ڈی وینس نے پاکستان کے کردار کو شاندار قرار دیا اور پرجوش انداز میں کہا کہ 'We love Pakistan'۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ پاکستان نے امریکا اور ایران کے مابین مفاہمت کے لیے بہترین کردار ادا کیا ہے اور اس کا یہ کردار ہمیشہ ایک مثبت اقدام کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ ایک ایسے وقت میں جب پوری دنیا تیسری عالمی جنگ کے خطرے کو محسوس کرتے ہوئے پریشان تھی اور عالمی معیشت مسلسل دباؤ کا شکار تھی، پاکستان نے وہ کردار ادا کیا جو بڑے بڑے عالمی اور بین الاقوامی ادارے بھی ادا نہیں کر سکے۔ پاکستان کی ثالثی کے لیے کی جانے والی مساعی کو ناکام بنانے کے لیے ناجائز صہیونی ریاست اور بھارت نے بہت کوشش کی لیکن پاکستان نے ثابت قدمی سے آگے بڑھتے ہوئے امن کے قیام کو یقینی بنایا۔ اب اس موقع پر صہیونی شرپسند غزہ اور لبنان میں جو کارروائیاں کر رہے ہیں وہ بھی ایک سازش کے تحت ہی ہو رہی ہیں

مسافرانِ راہِ دشتِ کربلا کو سلام!

محرم الحرام کا مقدس مہینہ شروع ہوتے ہی اس کے پہلے دس دن ہمیں ہر سال واقعہ کربلا کی یاد دلاتے ہیں۔ واقعہ کربلا میں حق کی خاطر صعوبتیں برداشت کرنے والے آلِ رسولؐ نے ہمیں یہ سبق سکھایا ہے کہ حق کے لئے کن کن مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے لیکن حق و باطل کی جنگ میں فتح ہمیشہ حق کی ہوتی ہے:

ظلم و ستم سے آج بھی خاشاک کی طرح
تیرے لہو کا سیل ہے اب تک رواں حسینؓ

اہلِ بیت اطہار سے محبت ایمان کا تقاضا، قرآن وسنت کی تعلیم اور ہر مسلمان کے دل کی آواز ہے۔ اہلِ بیت سے مراد رسول اکرمؐ کے وہ مبارک اہلِ خانہ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے خصوصی فضیلت اور طہارت عطا فرمائی۔ ان میں خصوصاً حضرت علی المرتضیٰؓ، حضرت فاطمہ الزہراؓ، حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ شامل ہیں جبکہ ازواجِ مطہراتؓ بھی اہلِ بیت کے عظیم افراد میں شمار ہوتی ہیں۔ رسولؐ اللہ نے اپنی امت کو اہلِ بیت سے محبت اور ان کے حقوق کی رعایت کی بار بار تلقین فرمائی ہے۔ اہلِ بیت سے محبت دراصل رسول اللہؐ سے محبت کا حصہ ہے کیونکہ جو شخص نبی کریمؐ سے محبت کرتا ہے وہ آپ کے خاندان اور اولاد سے بھی محبت کرتا ہے رسول اللہؐ نے فرمایا حسنؓ اور حسینؓ جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔

حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کی سیرت صبر، تقویٰ، ایثار، شجاعت اور دین پر استقامت کا روشن نمونہ ہے۔ حضرت امام حسینؓ رسول پاکؐ کے نواسے حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کے لختِ جگر نہایت متقی اور پرہیزگار انسان تھے انہوں نے حق کی خاطر میدانِ کربلا میں اپنی اور اپنے عزیزوں کی جانیں قربان کر دیں اور دنیا میں ایثار و قربانی کا وہ جذبہ پیش کیا جس پر مسلمان ہمیشہ ناز کرتے رہیں گے۔

فلک نے جھک کے کیا جس کی خاکِ پا کو سلام
مسافرانِ راہِ دشتِ کربلا کو سلام

واقعہ کربلا نے اہلِ بیت کی دین اسلام کے لئے اس عظیم قربانی کو ہمیشہ کے لئے تاریخ کا حصہ بنا دیا۔ واقعہ کربلا اسلامی تاریخ کا ایک عظیم اور دردناک باب ہے جو 10 محرم الحرام 61 ہجری (680ء) کو عراق کے مقام کربلا میں پیش آیا اس واقعے میں نواسہ رسولؐ امام حسینؓ اور آپ کے رفقاء نے حق و صداقت کی خاطر عظیم قربانی پیش کی۔ حضرت امیر معاویہ کے انتقال کے بعد ان کے بیٹے یزید بن معاویہ کی خلافت کا مسئلہ سامنے آیا۔ امام حسینؓ نے بعض شرعی و سیاسی وجوہات کی بناء پر یزید کی بیعت قبول نہیں کی۔ اسی دوران کوفہ کے بہت سے لوگوں نے خطوط لکھ کر امام حسینؓ کو وہاں آنے کی دعوت دی اور اپنی حمایت کا یقین دلایا۔ امام حسینؓ اپنے اہل خانہ اور چند ساتھیوں کے ساتھ مکہ مکرمہ سے عراق کی طرف روانہ ہوئے لیکن راستے میں معلوم ہوا کہ کوفہ کے حالات بدل چکے ہیں اور وہاں کے لوگوں نے ان کا ساتھ چھوڑ دیا ہے کربلا کے مقام پر حکومتی لشکر نے آپؓ کے قافلے کو روک لیا اور پانی تک رسائی محدود کر دی۔ 10 محرم کو جنگ ہوئی امام حسینؓ کے ساتھیوں اور اہلِ بیعت کے افراد نے بے مثال شجاعت کا مظاہرہ کیا اور یکے بعد دیگرے شہید ہوتے گئے۔ آخر کار امام حسینؓ بھی شہادت کے عظیم مرتبے پر فائز ہوئے۔ آپؓ کے خاندان کے متعدد افراد اور وفادار ساتھی اس معرکے میں شہید ہوئے اور واقعہ کربلا حق کے لئے استقامت، صبر، قربانی اور دین پر ثابت قدمی کی علامت بن گیا۔ امام حسینؓ کی شہادت مسلمانوں کو یہ پیغام دیتی ہے کہ اصولوں اور حق کی حفاظت کے لئے بڑی سے بڑی قربانی دی جا سکتی ہے۔

حضرت امام حسینؓ کی قربانی حق، عدل، عزتِ نفس دینی حمیت اور ظلم کے خلاف استقامت کا ایک عظیم درس ہے۔ آپؓ نے اپنی جان اہلِ خانہ اور رفقاء کی قربانی دیکر امت مسلمہ کو یہ پیغام دیا کہ باطل کے سامنے سر جھکانے کی بجائے حق پر قائم رہنا ہی مومن کی شان ہے:

قتلِ حسینؓ اصل میں مرگ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

امام حسینؓ نے اقتدار، حکومت یا دنیاوی مفادات کے لئے قیام نہیں فرمایا بلکہ امت کی اصلاح اور دینِ محمدیؐ کی حقیقی روح کو محفوظ رکھنے کے لئے جدوجہد کی۔ آپؓ نے اپنے مقصد کو ان الفاظ میں بیان فرمایا: "میں اپنی امت کے اندر اصلاح چاہتا ہوں، نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا چاہتا ہوں اور اپنے نانا رسول اللہؐ اور اپنے والد علیؓ کے طریقے پر چلنا چاہتا ہوں"۔

کربلا کا سب سے بڑا پیغام یہی ہے "حق پر استقامت"، حضرت امام حسینؓ نے حالات کی سختی، قلتِ تعداد اور ظاہری کمزوری کے باوجود حق کا راستہ نہیں چھوڑا۔ آپؓ نے سکھایا کہ حق کی کامیابی صرف ظاہری غلبے کا نام نہیں بلکہ اصولوں پر ثابت قدم رہنا ہی کامیابی ہے۔

واقعہ کربلا کا سب سے اہم درس حق کی حمایت اور ظلم کی مخالفت کسی بھی مومن کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ امام حسینؓ نے حالات کی سختی، وسائل کی کمی اور تعداد کی قلت کے باوجود اپنے موقف پر ثابت قدم رہ کر یہ ثابت کر دیا کہ کامیابی کا معیار صرف ظاہری فتح نہیں بلکہ اصولوں پر استقامت بھی حقیقی کامیابی ہے۔ بظاہر کربلا کے میدان میں ایک چھوٹا سا قافلہ شہید ہوا لیکن حقیقت میں حق کا پرچم بلند ہوا اور باطل کی حقیقت دنیا کے سامنے آشکار ہو گئی۔ شہدائے کربلا کی زندگی کا ایک نمایاں پہلو صبر اور اللہ تعالیٰ پر کامل بھروسہ ہے۔ بھوک پیاس، مصائب اور بے شمار مشکلات کے باوجود ان کے قدم متزلزل نہیں ہوئے۔ یہ کردار آج کے انسان کے لئے بھی مشعل راہ ہے جو معمولی آزمائشوں میں مایوسی اور بے صبری کا شکار ہو جاتا ہے۔

ہم کربلا کے پیغام کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنائیں، حق کا ساتھ دیں، ظلم سے نفرت کریں، عدل و انصاف کو فروغ دیں اور اپنے کردار کو اسلامی تعلیمات کے مطابق ڈھالیں یہی شہدائے کربلا کو حقیقی خراج عقیدت اور امام حسینؓ کے مشن سے سچی وابستگی ہے۔ کربلا کا پیغام آج بھی یہی ہے کہ حق کے راستے پر چلنے والا کبھی شکست نہیں کھاتا کیونکہ تاریخ میں بھی زندہ وہی رہتا ہے جو اصولوں اور سچائی کے لئے قربانی دیتے ہیں۔ امام حسینؓ اور شہدائے کربلا کی یاد ہمیشہ یہ دیتی رہے گی کہ عزت، استقامت اور حق پر قائم رہنا ہی حقیقی کامیابی ہے۔

لاڑکانہ سے لیاقت باغ تک کا سفر (قسط 1)



بعض شخصیات زمانے کے دھارے میں بہہ نہیں جاتیں بلکہ وقت کا رخ موڑ کر خود ایک عہد، ایک فکر اور ایک تاریخ بن جاتی ہیں۔ کچھ نام کتابوں کے صفحات تک محدود رہتے ہیں اور کچھ نام کروڑوں دلوں کی دھڑکنوں میں زندہ رہتے ہیں۔ محترمہ بے نظیر بھٹو شہید بھی انہی نابغۂ روزگار شخصیات میں سے تھیں جنہوں نے زندگی کے ہر موڑ پر آزمائشوں، صعوبتوں، سازشوں اور قربانیوں کو اپنی طاقت میں بدل کر اپنے نام کو تاریخ کے ماتھے کا جھومر بنا دیا۔ وہ صرف ایک سیاسی رہنما نہیں تھیں بلکہ ایک خواب، ایک امید، ایک مزاحمت، ایک حوصلہ اور عوامی امنگوں کی تعبیر تھیں۔

لاڑکانہ کی سرزمین پر آنکھ کھولنے والی اس بیٹی کے مقدر میں اقتدار کے ایوان بھی تھے اور قید و بند کی تاریکیاں بھی، دنیا بھر کے اعزاز بھی تھے اور ذاتی زندگی کے بے شمار دکھ بھی۔ شاید قدرت کو ایک ایسی شخصیت تراشنا مقصود تھی جو باپ کے خوابوں کی تعبیر، جمہوریت کی علامت، خواتین کے وقار کی نشانی اور مظلوم و محروم طبقات کی آواز بن سکے۔ انہوں نے زندگی کے ہر روپ کو جیا، مگر ہر روپ میں عوام کے ساتھ اپنی محبت اور وابستگی کو مقدم رکھا۔ وہ ایک بیٹی تھیں تو شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی فکر کی وارث، ایک بہن تھیں تو بھائیوں کے دکھوں کی امین، ایک ماں تھیں تو اپنے بچوں کے لیے محبت کا سایہ، ایک بیوی تھیں تو جدائیوں اور مصیبتوں میں وفا کا استعارہ، اور ایک قائد تھیں تو کروڑوں دلوں کی امید۔ ان کی زندگی کا ہر باب قربانی، استقامت اور جمہوریت سے محبت کی ایک نئی داستان سناتا ہے۔

18 اکتوبر کے کارساز سے 27 دسمبر کے لیاقت باغ تک ان کا سفر صرف ایک سیاستدان کا سفر نہیں تھا بلکہ ایک ایسے عزم کی کہانی تھی جو موت کی دھمکیوں، بارود کی بو اور سازشوں کے سائے میں بھی عوام کو تنہا چھوڑنے پر آمادہ نہ ہوا۔ وہ جانتی تھیں کہ راستہ کانٹوں سے بھرا ہے، مگر وہ یہ بھی جانتی تھیں کہ تاریخ بہادروں کے قدموں کی چاپ کو ہمیشہ محفوظ رکھتی ہے۔

محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کا نام صرف پاکستان کی تاریخ کا ایک باب نہیں بلکہ ایک ایسا روشن عنوان ہے جو آنے والی نسلوں کو جمہوریت، عوامی خدمت، قربانی اور حوصلے کا درس دیتا رہے گا۔ لاڑکانہ سے لیاقت باغ تک کا یہ سفر ایک ایسی عظیم عورت کی داستان ہے جس نے اپنے لہو سے وفا، محبت اور جمہوریت کی شمع روشن کی اور ہمیشہ کے لیے امر ہو گئی۔ اللہ کے ہر کام میں کوئی نہ کوئی حکمت بالغہ پوشیدہ ہوتی ہے جس کے ثمرات بعد ازاں ظاہر ہوتے ہیں۔ کسے خبر تھی کہ لاڑکانہ کے ایک صاحب ثروت اور بڑے زمیندار کے گھر جنم لینے والی ایک بچی آنے والے وقتوں میں عالم اسلام کی پہلی خاتون وزیر اعظم کا تاج اپنے سر پر سجائے گی۔ یہ بھی کسی کو معلوم نہ تھا کہ یہی لڑکی اپنی ابتدائی جوانی میں باپ کی شہادت کا صدمہ برداشت کرے گی، بھائیوں کی جدائی اور قتل کا دکھ سہے گی، جیلوں اور جلاوطنی کی اذیتیں برداشت کرے گی اور بالآخر جمہوریت کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کر دے گی

بلاشبہ ان دل سوز اور کٹھن مراحل نے محترمہ بے نظیر بھٹو کو ایک عہد ساز شخصیت بنا دیا۔ بچپن اور لڑکپن شہید ذوالفقار علی بھٹو جیسے شفیق باپ کی زیر نگرانی گزارا اور جوانی میں بھی اپنے عظیم والد کے ساتھ پابند سلاسل رہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ تکالیف اور پریشانیاں محترمہ بے نظیر بھٹو کا مقدر بن گئیں تو بے جا نہ ہوگا۔

محترمہ کا شمار ان عظیم شخصیات میں ہوتا ہے جو خود تاریخ رقم کرتی ہیں اور جن کی اپنی تاریخ بھی لکھی جاتی ہے۔ انہوں نے اپنی زندگی میں ایسے نقوش چھوڑے جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ وہ اپنے شہید باپ کی طرح ایک ہمہ جہت شخصیت تھیں، بھٹو فکر کی وارث اور بھٹو ازم کی امین تھیں۔ انہوں نے ناممکن کو ممکن بنا کر دکھایا۔

اللہ کے ہر کام میں کوئی نہ کوئی حکمت بالغہ پوشیدہ ہوتی جس کے بعد ازاں ثمرات ملتے ہیں
کسے خبر تھی کہ لاڑکانہ کے ایک صاحب ثروت اور بڑے زمیندار کے گھر جنم لینے والی بچی آنے والے وقتوں میں عالم اسلام کی پہلی خاتون وزیراعظم کا تاج سر پر سجائے گی اور یہ بھی کسی کو خبر نہ تھی کہ یہ لڑکی اپنی اوائل عمری میں باپ کی شہادت کا صدمہ برداشت کرے گی اور عین جوانی میں سگے بھائی کے قتل کا صدمہ برداشت کرے گی۔ بلاشبہ ان دل سوز اور کٹھن مراحل نے محترمہ بے نظیر بھٹو کو ایک عہد ساز شخصیت بنا دیا۔ بچپن اور لڑکپن جناب ذوالفقار علی بھٹو جیسے شفیق باپ کی زیر نگرانی گزارا اور جوانی میں بھی اپنے باپ کے ساتھ پابند سلاسل رہی۔ اگر یہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا کہ تکالیف اور پریشانیاں محترمہ بے نظیر بھٹو کا حصہ بن گئیں۔ محترمہ کا منصب ان عظیم شخصیات میں سے ہے جو خود تاریخ لکھتے ہیں اور ان کی بھی تاریخ رقم ہوتی ہے۔ زندگی میں محترمہ نے ایسے تاریخی نقوش چھوڑے ہیں جو عملدر آمد کا پیغام دیتے ہیں اور ان کے نقش قدم پر چل کر ہی مستقبل کی تاریخ رقم ہو سکتی ہے۔ جسے اپنے افکار و کردار سے محترمہ نے رقم کیا ہے۔ اپنے شہید باپ کی طرح وہ بھی ایک ہمہ جہت شخصیت تھیں بالالفاظ دیگر یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ شہید بھٹو کی سیاسی فکر کی وارث اور بھٹو اساس کی امین تھیں، انہوں نے ناممکن کو ممکن بنا دیا۔ شہید بھٹو نے اپنی آخری تحریر (میری سب سے پیاری بیٹی) میں نے جو خواب دیکھا تھا اس کی زندہ تابندہ تصویر محترمہ کی ہے۔ وہ اپنی تحریر کردہ سوانح حیات دخترِ مشرق یعنی (مشرق کی بیٹی) میں قلمبندی کرتی ہیں کہ میری سیاسی افکار کی اساس شہید بھٹو کے وہ افکار ہیں جو زمین مخلوق خدا، مظلوم اور غیر مراعات یافتہ عوام کے لیے زندگی کا پیغام دیتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے انسان کا مقدر بنایا ہے۔ محترمہ کی زندگی کا اختصار سے جائزہ لیا جائے تو اس عشق کی تکرار ان کی اپنی زندگی پر غالب وحاوی نظر آتی ہے۔ وہ حکومت میں ہوں تو غریبوں کے بچوں کو گود میں لے کر پولیو کے قطرے پلاتی نظر آتی تھیں اور اقتدار سے باہر ہوں تو سانحہ کارساز کے بعد نوجوان شہیدوں کے بچوں کو اپنی گود میں لے کر پیار کرتی نظر آتی تھیں۔ اپنی ساری زندگی انہوں نے غریبوں کے لیے جی کر دکھا دی۔ بلا امتیاز کہ وہ وزیراعظم ہیں یا قائد حزب اختلاف۔ قائد باپ کی بیٹی ہر دور کے قائد نظر آتی تھیں اور آج بعد از شہادت فضا ان کے نام سے معطر معطر ہے۔ انہوں نے غریب عوام کے لئے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے ہر غریب کے دروازے پر چیک/کیش پہنچا کر غریبوں کی غربت میں شرکت کا احساس دلاتی تھیں۔ اللہ کی یہ برکت ان کے نام کے طفیل سے پس ماندہ، بے کس خواتین کو حوصلہ دیتی تھیں۔ ملک میں ان کے نام سے بے شمار ایسی اسکیمیں زیر عمل تھیں جن کا فلسفہ وعمل عوام کی بہبود اور بہتری تھی۔ یہ ان کے کی شخصیت کا سحر اور کرشمہ تھا جو انہیں قدرت نے عطا کیا تھا۔ وہ ہم میں نہ ہو کر بھی ہمارے ساتھ ہیں۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ہمارے اس ایمان کی صداقت کی توثیق کی ہے کہ شہید کو مردہ نہ کہو وہ زندہ ہیں۔ (جاری ہے۔۔۔)

SHEHAR NAMA
شہر نامہ

فن وثقافت

ادا کاری مجھے ذاتی آزادی کا احساس دلاتی ہے، سجل علی

لاہور (یواین پی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ سجل علی نے شوبز کیریئر کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اداکاری مجھے ذاتی آزادی کا احساس دلاتی ہے۔ سجل علی نے حال ہی میں ایک میک اپ ماسٹر کلاس میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر دلچسپ گفتگو کی۔ انہوں نے اپنے شوبز کیریئر کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ مجھے نہیں لگتا کہ میرے لیے اداکاری سے بہتر کوئی اور پیشہ ہو سکتا ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ اداکاری کرتے ہوئے مجھے ایسے جذبات کو جاننے کا بھی موقع ملا جن کے اظہار کو اکثر سماجی توقعات کی وجہ سے محدود کر دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چاہے پھر کسی خاص طریقے سے ہنسنا ہو، بے باک انداز میں بولنا ہو یا محض اظہارِ خیال کرنا ہو، اداکاری مجھے یہ سب چیزیں کرنے کی اجازت دیتی ہے جو شاید عام طور پر زندگی میں ہر انسان کو کرنے کا موقع نہیں ملتا۔

گوری کے میری زندگی میں آنے کے بعد مکمل ہوا ہوں، عامر خان



ممبئی (یواین پی) بالی ووڈ کے سپر اسٹار عامر خان اپنی گرل فرینڈ گوری سپراٹ کے ساتھ رواں سال 5 جولائی کو رشتہ ازدواج میں بندھنے کے لیے تیار ہیں۔ میڈیا کو دیے گئے ایک انٹرویو میں عامر خان نے کسی بڑی یا شاہی تقریب کے بجائے انتہائی سادگی سے شادی کرنے کا انکشاف کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ایک انتہائی نجی تقریب ہوگی۔ ہم گھر پر دونوں خاندانوں اور چند قریبی دوستوں کی موجودگی میں ایک انتہائی سادہ رجسٹرڈ میرج (کورٹ میرج) کریں گے۔ شادی کی خبریں لیک ہونے پر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مجھے سمجھ نہیں آتا کہ مشہور شخصیات، خاص طور پر کرکٹرز اور اداکاروں کی ذاتی زندگیوں میں لوگوں کو اتنی دلچسپی کیوں ہوتی ہے۔ لوگوں کو ہمارے کام پر توجہ دینی چاہیے، ذاتی زندگی پر نہیں، مجھے نہیں معلوم یہ خبر کیسے لیک ہوئی۔

اداکار شہزاد مختار نے برسوں بعد زندگی کے اہم راز سے پردہ اٹھا دیا

کراچی (یواین پی) معروف پاکستانی اداکار شہزاد مختار نے برسوں بعد زندگی کے اہم راز سے پردہ اٹھا دیا۔ اداکار نے حال ہی میں مزاحیہ پروگرام مذاق رات میں شرکت کی اور اپنی زندگی کی ادھوری محبت سے متعلق دل چھو لینے والا انکشاف کرتے ہوئے بتایا کہ میری ارینج میرج تھی، تاہم میری زندگی میں ایک ایسی محبت بھی تھی جو کبھی اپنے انجام تک نہ پہنچ سکی۔ انہوں نے کہا کہ زندگی میں انسان کی ہر خواہش پوری نہیں ہوتی، کچھ محبتیں ادھوری رہ جاتی ہیں، ہماری محبت بھی ایسی ہی تھی جس کا اظہار کبھی نہ ہو سکا، ہم ایک دوسرے کے قریب رہتے تھے اور صرف نگاہوں کے ذریعے اپنے جذبات کا اظہار کرتے تھے، ایک دوسرے کا انتظار کرتے، ایک دوسرے کو دیکھتے اور خاموشی سے محبت کرتے تھے۔ اداکار کا کہنا تھا کہ یہ محبت تقریباً 7 برس تک جاری رہی

شہزاد نواز کا مستقبل میں کوئی بھی صدارتی اعزاز قبول نہ کرنیکا اعلان

لاہور (یواین پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کے سینئر اداکار شہزاد نواز نے کہا ہے کہ اگر مجھے مستقبل میں پرائیڈ آف پرفارمنس یا کوئی صدارتی اعزاز دیا گیا تو اسے قبول نہیں کروں گا، کیونکہ میرے نزدیک بہت سے مستحق فنکار آج بھی اس اعزاز سے محروم ہیں۔ متعدد مقبول ڈراموں میں اپنی جاندار اداکاری سے پہچانے جانے والے شہزاد نواز نے حال ہی میں ایک یوٹیوب چینل پر گفتگو کرتے ہوئے صدارتی اعزازات کی تقسیم کے معیار پر کھل کر اظہارِ خیال کیا۔ اس موقع پر شہزاد نواز نے کہا کہ پرائیڈ آف پرفارمنس ایوارڈ اب تک بہت سے ایسے لوگوں کو نہیں ملا جو حقیقت میں اس کے مستحق تھے، یہ صرف میری رائے نہیں بلکہ ایک حقیقت ہے جو ریکارڈ پر موجود ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کبھی مجھے یہ اعزاز دیا گیا تو میں اسے لینے سے انکار کر دوں گا، درحقیقت میں تو یہ بھی نہیں چاہتا کہ میرا نام اس کے لئے نامزد کیا جائے، کیونکہ بہت سے قابل اور مستحق افراد آج تک اس اعزاز سے محروم ہیں۔ اداکار نے کہا کہ میرے اخلاقی اصول مجھے ایسے اعزازات قبول کرنے کی اجازت نہیں دیتے، جب ریاست کسی فنکار کو اعزاز دیتی ہے تو وہ صرف اس فنکار کو نہیں بلکہ خود کو بھی عزت بخشتی ہے

عائشہ عمر نے اپنی لیک تصاویر کے تنازع پر خاموشی توڑ دی

لاہور (یواین پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ اور ماڈل عائشہ عمر نے کئی برس بعد ساحل پر چھٹیاں منانے والی اپنی لیک تصاویر سے متعلق تنازع پر کھل کر بات کی ہے اور کہا ہے کہ ان تصاویر کو میری اجازت کے بغیر سوشل میڈیا پر شیئر کیا گیا تھا۔ عائشہ عمر نے حال ہی میں بی بی سی اردو کو دیے گئے ایک انٹرویو میں بتایا ہے کہ میں اپنی قریبی دوست اور اداکارہ ماریہ واسطی کے ساتھ تھائی لینڈ میں چھٹیاں گزار رہی تھی جب میری نجی تصاویر لیک ہو گئیں۔ ان کا کہنا ہے کہ میں ایک تصویر میں سوئمنگ سوٹ پہنے ہوئے تھی جبکہ دیگر تصاویر میں موسمِ گرما کے لباس اور اسکرٹس میں نظر آ رہی تھی۔ اداکارہ نے کہا کہ تصاویر کے منظرِ عام پر آنے کے بعد مجھے شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا اور اس کے منفی اثرات میرے پیشہ ورانہ کیریئر پر بھی پڑے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس وقت کئی پروڈیوسرز خواتین کے لیے ایک مخصوص سماجی تاثر کو اہمیت دیتے تھے، جس کی وجہ سے مجھے بعض کاموں سے بھی محروم ہونا پڑا۔ عائشہ عمر نے بتایا کہ نجی تصاویر کو اجازت کے بغیر شیئر کرنا کسی کی پرائیویسی اور رضامندی کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہی وجہ ہے کہ میں اب ایک این جی او کے ساتھ مل کر افراد کے نجی ڈیٹا اور تصاویر کے غلط استعمال کے خلاف آگاہی مہم میں حصہ لے رہی ہوں۔

بقیہ نمبر 1

مطابق ایک ماحول دوست /Climate(Environment-Friendly) Resilient، پائیدار اور مثالی رہائشی منصوبہ بنایا جائے گا، جہاں شہریوں کو بہترین رہائشی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ منصوبے کی بروقت تکمیل اور الاٹیز کو جلد از جلد پلاٹس کی فراہمی اتھارٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی اس موقع پر ان تمام الاٹیز کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہے جنہوں نے اپنی واجب الادا اقساط بروقت جمع کروائیں اور منصوبے کی ترقی میں بھرپور تعاون کیا۔ ان ذمہ دار الاٹیز کے تعاون سے ترقیاتی کاموں کی رفتار کو برقرار رکھنے میں نمایاں مدد ملی ہے۔ دوسری جانب چند الاٹیز ایسے بھی تھے جو سال 2016 سے مسلسل اپنی واجب الادا اقساط جمع کروانے میں ناکام رہے اور متعدد مواقع فراہم کیے جانے کے باوجود انہوں نے ایک روپیہ بھی جمع نہیں کروایا۔ اس صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے ہاؤسنگ اتھارٹی کے ایگزیکٹو بورڈ کی ہدایات پر ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دی گئی

بقیہ نمبر 2

60 لاکھ کلوگرام سے بھی زیادہ ایل پی جی فروخت ہوتی ہے، اوگرا نے اس کی ماہ جون کے لیے قیمت 309 روپے فی کلوگرام مقرر کی مگر کہیں بھی اس قیمت پر ایل پی جی دستیاب ہی نہیں، ہر پلانٹ والے ہر کمپنی والے اور ہر دکان دار کا اپنا ہی ریٹ ہے عوام ملکی تاریخ کی مہنگی ترین ایل پی جی خریدنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ دکاندار کاشف نے کہا کہ پلانٹ سے ہمیں ساڑھے پانچ سو روپے کلوگرام ایل پی جی ملے گی تو 309 روپے میں کیسے فروخت کریں؟ ہمیں ایل پی جی مارکیٹنگ کمپنیوں اور پلانٹ والوں کی طرف سے مہنگی ترین ایل پی جی مل رہی ہے تو سستی کیسے دیں، اوگرا سمیت کسی بھی ادارے نے ان کے خلاف کارروائی نہیں کی جس نے بھی کارروائیاں کیں صرف دکانداروں کے خلاف کیں، ان پر ہزاروں اور لاکھوں روپے کے جرمانے کیے۔ دکان دار نے کہا کہ پلانٹ والے مہنگی ترین ایل پی جی فروخت کر رہے ہیں مگر رسید نہیں دیتے رسید مانگنے پر ایل پی جی نہیں دیتے، کیا کریں بچوں کو بھوکا نہیں رکھ سکتے، دکان پر ایک دو ملازم ہیں ان کو بھی فارغ کریں ممکن نہیں حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو کنٹرول میں رکھا ایل پی جی کو کنٹرول کیوں نہیں کیا؟ عوام ہمیں گالیاں بھی دیتی ہے ہم کہاں جائیں عوام کہتی ہے گیس آتی نہیں مہنگی خریدنا مجبوری ہے اگر مہنگی ایل پی جی پر بات کریں تو دکاندار کہتے ہیں جہاں سے سستی ملے وہاں سے لے لیں۔ پاکستان میں ایل پی جی کی کھپت 60 لاکھ کلوگرام سے زیادہ ہے اگر ساٹھ لاکھ کو ہی تین سو روپے سے ضرب دیں تو ایک ارب اسی کروڑ روپے روزانہ اگر ایک ماہ کا حساب لگائیں 54 ارب اسی کروڑ روپے سے زائد رقم بنتی ہے اور یہ رقم عوام کی جیبوں سے نکال رہے ہیں اور کوئی پرسان حال نہیں۔ اس سلسلے میں اوگرا کے ترجمان سمیت سینئر ڈائریکٹر انفورسمنٹ سہیل احمد طارق اور سینئر ڈائریکٹر سرمد اسلم سے کئی بار رابطہ کیا گیا تو ان کی طرف سے اس حوالے سے کوئی جواب نہیں دیا گیا

بقیہ نمبر 3

قصر عباس علمدار علیہ السلام سے علم، تعزیہ اور ذوالجناح کا ماتمی جلوس برآمد ہوگا جس میں دومیل ـ پنڈ سلطانی، منگھیال، بھٹہ پنڈی سرہال، بسال بھٹی سیداں، رنگلی اور مضافات کے سینکڑوں عزاداران ماتم و زنجیر زنی کر کے شہدائے کربلا سے اپنی عقیدت کا اظہار کرتے ہیں جلوس اپنے مقررہ راستے سے ہوتا ہوا ایک بجے امام بارگاہ قصر امام امام حسین علیہ السلام پہنچے گا جہاں ماتم داری اور نماز ظہرین ادا کی جائے گی بعد ازاں ماتمی جلوس اسی راستے واپس نوحہ خوانی و ماتم داری کرتے حسینی چوک زنجیر زنی کی جائے گی جلوس کے داخلی و خارجی راستے بند سیکیورٹی کے سخت انتظامات پولیس تھانہ بسال اور پولیس چوکی پنڈ سلطانی کے علاوہ رینجر بھی امن و امان قائم رکھنے کے لئے موجود ہوگی جلوس کے راستے پر سبیلیں لگائی جائینگی زنجیر زنی کرنے والے عزاداروں کے لئے آر ایچ سی کے اہلکار مرہم پٹی کے لئے موجود رہیں گے ستھرا پنجاب کے اہلکاروں نے جلوس کے راستے میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنائیں گے شعیہ سنی مل جل کر شہدائے کربلا کو نذرانہ عقیدت پیش کریں گے جلوس کے اختتام پر امام بارگاہ قصر امام امام حسین علیہ السلام اور قصر عباس علمدار میں ذاکر اہلبیت شہادت مظلوم کربلا پر روشنی ڈالیں گے اور آخر میں لنگر حسینی کا وسیع انتظام ہوگا

بقیہ نمبر 4

پارٹی کے عہدے داران۔ خواتین ونگ اور دیگر خواتین ورکرز نے شرکت کی۔ اس سیمنار کا عنوان پیغام کربلا اور ہماری ذمہ داریاں تھا۔ تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سیکرٹری جنرل ملک اعجاز حسین تھے اس موقع پر انچارج میڈیا سیل شکیل اعوان۔ پروفیسر عمر حیات۔ سہراب بیگ۔ طاہر خان ادیب احمد۔ قاضی ظفر اور احتشام احمد کے علاوہ سینئر صحافی عقیل انجم بھی موجود تھے۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا تلاوت قاضی ظفر نے کی۔ جبکہ ہدیہ نعت فیضان عباسی نے پیش کی۔ پارٹی کی شعبہ خواتین کی صدر میڈم سیدہ فردوس جنرل سیکرٹری فرزانہ ریاض۔ عاصمہ ستی۔ ثناشہ۔ میڈم پروین صدیق خواجہ۔ میڈم ثمینہ اور دیگر خواتین کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔ شعبہ خواتین کی صدر میڈم سیدہ فردوس نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا جبکہ انچارج میڈیا سیل شکیل اعوان۔ سہراب بیگ۔ پروفیسر عمر حیات اور مہمان خصوصی ملک اعجاز حسین نے واقعہ کربلا پر روشنی ڈالی اور حضرت امام حسین کے کردار سے متعلق اور اپنے ذمہ داریاں کیسے نبھائی جائیں اس بارے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ملک پاکستان کی سلامتی مسلح افواج کے لیے خصوصی دعاؤں کے علاوہ پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ کی جلد از جلد صحت یابی کے لیے دعا کی گئی۔ آخر میں شرکاء میں لنگر تقسیم کیا گیا۔

بقیہ نمبر 5

نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر سابق ناظم یوسی مورگاہ حاجی امیر آفسر خان، سابق ناظم کوٹھہ کلاں چوہدری عابد، فوکل پرسن ایم پی اے چوہدری نعیم اعجاز ملک عمر عرفان، صدر مسلم لیگ (ن) یوسی مورگاہ ملک ساجد، ایم این اے راجہ قمر الاسلام کے پی اے ملک قیس قیوم، ایم پی اے چوہدری عمران الیاس کے پی اے چوہدری اقدس انیس، سابق ناظم سردار انجام نثار خان، امیدوار این اے 53 مرزا خالد محمود، حنیف، خرم مغل، بے برادری، اسد ارشاد، خان جاوید، بدر زمان، چوہدری جلیل اور دیگر معززین نے حاجی طاہر محمود سے ملاقات کی اور انہیں حج کی ادائیگی پر دلی مبارکباد پیش کی۔ مقررین نے کہا کہ حج ایک عظیم سعادت ہے اور حاجی طاہر محمود کی سماجی خدمات اور عوامی فلاح کے لیے کردار قابل ستائش ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کی عبادات، دعاؤں اور حج کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور انہیں مزید عوامی خدمت کی توفیق عطا کرے۔ حاجی طاہر محمود نے تمام معززین، دوستوں، سیاسی و سماجی شخصیات اور اہل علاقہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی محبت، دعائیں اور نیک خواہشات ان کے لیے باعث عزت ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ آئندہ بھی علاقہ کی بہتری، عوامی مسائل کے حل اور فلاحی سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔ تقریب کے اختتام پر ملک و قوم کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ نمبر 6

ہوئے طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے براہ راست ملاقات کی اور حکومت پنجاب کی جانب سے فراہم کردہ طبی سہولیات، ڈاکٹروں کے رویے، مفت ادویات اور تشخیصی ٹیسٹوں کی دستیابی کے بارے میں دریافت کیا۔ مریضوں اور ان کے اہلخانہ نے ہسپتال انتظامیہ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ تمام ضروری ادویات اور ٹیسٹ ہسپتال کے اندر سے بلا معاوضہ فراہم کیے جا رہے ہیں۔ مریضوں کے بہتر فیڈ بیک پر ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عمر فاروق مرزا اور ہسپتال انتظامیہ کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کی کاوشوں کی تعریف کی اور انہیں شاباش دی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ہیلتھ ویژن کے مطابق ہر شہری کو بلا تفریق معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ صحت کے شعبے میں کسی بھی قسم کی غفلت، لاپرواہی یا فرائض میں کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور عوامی خدمت کا مشن اسی جذبے اور ذمہ داری کے ساتھ جاری رکھا جائیگا

بقیہ نمبر 7

الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری نے بیرون ملک سے تعزیت اور دعا مغفرت کی نماز جنازہ میں سفیر نائب صدر راجہ منیر اعجاز کی قیادت میں وفد نے شرکت کی تحریک منہاج القرآن اسلام آباد کے صدر راؤ جاوید انجم ناظم عرفان محمد خان ایڈووکیٹ اور ایگزیکٹو کونسل کے ممبران نے میر اشتیاق احمد ایڈووکیٹ سے تعزیت کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 8

ملاوٹ مافیا اور ناقص صفائی کے ذمہ دار عناصر کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران مختلف اضلاع میں کارروائیاں کی گئیں۔ آپریشن کے دوران قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں، ناقص حفظان صحت کے انتظامات اور غیر معیاری خوراک کی تیاری پر مجموعی طور پر 11 لاکھ 50 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران تقریباً 2 کروڑ روپے مالیت کی ممنوعہ، مضر صحت اور غیر معیاری اشیائے خورونوش موقع پر تلف کر دی گئیں۔ تلف کیے گئے سامان میں 10 ہزار 950 لیٹر جعلی کولڈ ڈرنکس، 1 ہزار 300 لیٹر ملاوٹی دودھ، 30 ہزار ساشے گٹکا، 250 کلوگرام گلا سڑا گوشت اور 425 کلو گرام ممنوعہ چائنیز نمک شامل تھا۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے قوانین کی خلاف ورزی اور مضر صحت خوراک کی تیاری میں ملوث 7 پروڈکشن یونٹس کو بھی سیل کر دیا۔ مزید برآں انسانی صحت سے کھلواڑ کرنے والے عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 4 مقدمات (ایف آئی آرز) بھی درج کروا دی گئیں۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی ادارے کی اولین ترجیح ہے اور ملاوٹ مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ انسانی صحت کو خطرے میں ڈالنے والے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ خوراک سے متعلق کسی بھی شکایت، معلومات یا غیر قانونی سرگرمی کی اطلاع پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہیلپ لائن 1223 پر فوری طور پر دیں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

بقیہ نمبر 9

فریقین کے دلائل تفصیل سے سنے۔ ملک ظہیر اعوان ایڈووکیٹ نے موثر قانونی دلائل پیش کرتے ہوئے موقف اپنایا کہ شہری کا نام بلیک لسٹ میں برقرار رکھنا قانون اور انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے۔ عدالت نے دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے درخواست منظور کر لی اور متعلقہ حکام کو شہری کا نام فوری طور پر بلیک لسٹ سے نکالنے اور پاسپورٹ پر عائد پابندی ختم کرنے کا حکم جاری کر دیا۔

بقیہ نمبر 10

سنی علماء کونسل اور نگرانی قاری صابر حسین چشتی گولڑوی فرمائیں گے۔ خصوصی خطاب مولانا عبد الجبار چشتی اور مہمان خصوصی محمد بشیر راجہ ہونگے۔ تفصیلات کے مطابق سالانہ شہداء کربلا کانفرنس 26 جون بروز جمعۃ المبارک صبح 9 بجے جامعہ مسجد عائشہ نواز کالونی کالکس روڈ راولپنڈی میں منعقد ہوگی جس کی صدارت پروفیسر عبد القدیر قریشی اور سرپرستی قاری مقبول قادری بھی فرمائیں گے جبکہ علامہ قاری شفیع الدین چشتی کا بھی خطاب ہو گا۔ حافظ ابوبکر چشتی اور عبد اللطیف نعیمی کی خصوصی آمد ہوگی۔ کانفرنس کا آغاز حافظ شہزاد تلاوت کلام پاک سے کریں گے اور قاری قیصر عباس نقشبندی خصوصی ہدیہ نعت پیش کریں گے۔ سنی علماء کونسل اڈیالہ روڈ اور انجمن طلباء اسلام اڈیالہ روڈ کی خصوصی شرکت ہوگی

بقیہ نمبر 11

کے دیگر ممبر بھی جلد پولیس کی حراست میں ہوں گے زیر حراست گینگ سرغنہ کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 12

کہ اس کی بڑی وجہ چین کی حکمت عملی تھی۔ بھارتی میڈیا کی ایک رپورٹ کے مطابق چین نے برسوں سے جمع کیے گئے اپنے بڑے تیل کے ذخائر استعمال کیے اور خام تیل کی درآمدات میں تقریباً 3 ملین بیرل یومیہ کی کر دی۔ اس اقدام سے عالمی منڈی میں طلب کم ہوئی اور قیمتوں پر دباؤ محدود رہا۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ چین کے پاس 1 ارب سے زائد بیرل تیل کے ذخائر موجود ہیں جبکہ ملک میں برقی اور ہائبرڈ گاڑیوں کے بڑھتے استعمال نے بھی تیل کی طلب میں نمایاں کمی پیدا کی ہے۔ رپورٹ میں شامل کئی ماہرین کی رائے کے مطابق اگر مستقبل میں تیل کی قیمتیں مزید کم ہوئیں تو چین دوبارہ بڑی مقدار میں خریداری شروع کر سکتا ہے جس سے عالمی منڈی کی سمت تبدیل ہو سکتی ہے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق اب عالمی تیل منڈی صرف ریاض، ماسکو یا واشنگٹن کے فیصلوں سے متاثر نہیں ہوتی بلکہ بیجنگ کی خریداری اور ذخیرہ کاری کی حکمت عملی بھی قیمتوں کے تعین میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بھارت کے لیے تیل کی کم قیمتیں وقتی ریلیف کا باعث بنی ہیں تاہم نئی دہلی کو اپنی تیل ذخیرہ کرنے کی صلاحیت مزید بڑھانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 13

خٹک نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ نوجوانوں کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے بھرپور محنت کریں گے اور نوجوانوں کے مسائل کو موثر انداز میں اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی فلاح و بہبود، قیادت سازی اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یونائیٹڈ یوتھ پارلیمنٹ نوجوانوں کو قیادت کے مواقع فراہم کرنے اور ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے اہم کردار ادا کر رہی ہے، اور وہ اس پلیٹ فارم کے ذریعے نوجوانوں کی آواز کو مزید مضبوط بنانے کی کوشش کریں گے

بقیہ نمبر 15

نے اقلیتی محکمے کا بجٹ 62 فیصد سے زائد کم کر دیا ہے۔ وزیر خزانہ سواپن داس گپتا نے پیر 22 جون کو مالی سال 27.2026 کیلئے 4 لاکھ 38 ہزار کروڑ روپے کا بجٹ پیش کرتے ہوئے اقلیتی امور اور مدرسہ تعلیم کیلئے محکمے کیلئے 2 ہزار 165 کروڑ روپے مختص کیے۔ اس کے مقابلے میں سابق ترنمول کانگریس حکومت نے اس شعبے کیلئے 5 ہزار 713 کروڑ روپے مختص کیے تھے۔ محکمہ کے قیام کے بعد اقلیتی فلاح و بہبود کیلئے یہ سب سے بڑی بجٹ کٹوتیوں میں سے ایک قرار دی جا رہی ہے۔ یہ کمی ایک ایسے وقت میں کی گئی ہے جب بی جے پی نے رواں برس مئی میں متنازعہ انتخابات کے بعد ممتا بنرجی کی زیر قیادت ترنمول کانگریس کی پندرہ سالہ حکومت کا خاتمہ کیا تھا۔ قبل ازیں ترنمول کانگریس نے فروری میں 4 لاکھ 6 ہزار کروڑ روپے کا ووٹ آن اکاؤنٹ بجٹ پیش کیا تھا۔

بقیہ نمبر 16

اسمگل کر کے ایرانیوں کو حکومت کے خلاف کھڑا کرنے کا اسرائیلی منصوبہ بدترین ناکامی سے دوچار ہوا ہے

بقیہ نمبر 17

نام پر قتل سمیت مختلف پہلوؤں سے تفتیش کی جا رہی ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے بھی مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 18

ملک کے نامور علماء و مشائخ نعت خواں گلہائے عقیدت پیش کریں گے۔ کانفرنس کی صدارت علامہ محمد ہاشم حقانی اور نگرانی ابوالاسد صاحبزادہ علی عباس حقانی کریں گے۔ کانفرنس بعد از نماز ظہر شروع ہو گئی۔ مرکز اہل سنت ادارہ کنز الایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد میں نواسہ رسول سیدنا امام حسین علیہ السلام آپ کے جملہ رفقاء شھداء کربلا معلی کی بارگاہ میں 11 ویں سالانہ شھید اعظم کانفرنس بروز جمعرات بعد نماز ظہر زیر صدارت استاذ العلماء علامہ ابو العباس محمد ہاشم حقانی القادری بانی و مہتمم ادارہ کنز الایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد زیر نگرانی ابوالاسد صاحبزادہ علی عباس حقانی منعقد ہوگی جسمیں تلاوت نعت اور منقبت قصیدہ بردہ شریف طلباء پیش کریں گے جبکہ ملک کے نامور علماء و مشائخ خطابات کریں گے عاشقان اہل بیت کے لیے لنگر کا انتظام کیا گیا ہے اور کانفرنس کے انتظامات مکمل ہو گئے ہیں

بقیہ نمبر 20

وطے شدہ وقت کے مطابق لبنانی سرزمین سے مکمل طور پر انخلا کرے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حزب اللہ کے سربراہ نعیم قاسم نے کہا کہ سرحدی علاقوں میں لبنانی فوج کی تعیناتی کے بدلے اسرائیل کو لبنان کے تمام مقبوضہ علاقوں سے نکلنا ہوگا۔ نعیم قاسم نے مزید کہا اس وقت جنگ بندی نافذ ہے اور اس بات پر زور دیا کہ اسرائیل کو مکمل پسپائی اختیار کرنا ہوگی اور وہ لبنان کی سرزمین کا ایک انچ بھی اپنے قبضے میں نہیں رکھ سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جنگ بندی کا پائیدار اور مؤثر رہنے کے لیے ضروری ہے کہ اسرائیل طے شدہ شرائط کے مطابق مکمل انخلا کرے اور لبنانی خودمختاری کا احترام کیا جائے۔ دوسری جانب امریکا اور ایران کے ممکنہ معاہدے میں اسرائیل۔ لبنان مذاکرات کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ عرب میڈیا رپورٹ کہا ہے کہ امریکا یہ حقیقت تسلیم کرتا ہے کہ اسرائیل اور لبنان کے درمیان تنازع شاید ایران کے ساتھ پرامن حل اور سفارتی پیش رفت کے لئے واحد یا فیصلہ کن عنصر نہ ہو، تاہم یہ اہم مسئلہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایران کے ساتھ کسی بھی پائیدار امن معاہدے کا انحصار بڑی حد تک اس بات پر ہے کہ اسرائیل اور لبنان کے درمیان جاری کوششوں کے کیا نتائج سامنے آتے ہیں، اس معاملے میں سب سے بڑی رکاوٹ حزب اللہ ہے۔ مذاکرات کے ابتدائی دور ہی سے یہ واضح رہا ہے کہ حزب اللہ کی شمولیت اور اس کی رضامندی کے بغیر کسی بھی ممکنہ سمجھوتے یا مجوزہ فریم ورک پر مؤثر عمل درآمد کی ضمانت دینا ممکن نہیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق اگر حزب اللہ اس عمل کا حصہ نہ بنی تو مذاکرات کے نتیجے میں طے پانے والے کسی بھی معاہدے کی عملی حیثیت اور پائیداری پر سنجیدہ سوالات برقرار رہیں گے۔

بقیہ نمبر 21

آفیسر خرم نذیر عباسی نے سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر راجہ فاروق حیدر خان، جماعت اسلامی آزاد کشمیر گلگت بلتستان کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان، پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے مرکزی سینئر نائب صدر صاحبزادہ محمد اشفاق ظفر ایڈووکیٹ، پی ٹی آئی آزاد کشمیر کے مرکزی نائب صدر زیشان حیدر، آل جموں کشمیر مسلم کانفرنس کے مرکزی نائب صدر سید غلام نبی شاہ سمیت حلقہ چھ جہلم ویلی کے 22 امیدواران کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال مکمل کر کے انہیں درست قرار دیا، جبکہ ریٹرننگ آفیسر حلقہ سات سردار شاہ زمان نے بھی وزیر تعلیم دیوان علی خان چغتائی، ممبر اسمبلی چوہدری محمد رشید سمیت حلقہ سات جہلم ویلی کے 31 امیدواران کے کاغذات کی جانچ پڑتال مکمل کرتے ہوئے تمام امیدواران کے کاغذات نامزدگی درست قرار دیے۔ حلقہ چھ جہلم ویلی میں راجہ فاروق حیدر خان، صاحبزادہ محمد اشفاق ظفر ایڈووکیٹ، ڈاکٹر محمد مشتاق خان، حلقہ سات جہلم ویلی میں وزیر تعلیم دیوان علی خان چغتائی، ممبر اسمبلی چوہدری محمد رشید کے درمیان کانٹے دار مقابلہ کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے

بقیہ نمبر 22

پریس کلب کے صدر عبد الحمید عباسی کے حوالے کیا اس موقع پر مری پریس کلب کے عہدیداران اور ممبران نے صحافی برادری کی فلاح و بہبود اور پریس کلب کی ترقی کے لیے خصوصی تعاون پر راجہ اسامہ سرور کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا پریس کلب کے عہدیداران کا کہنا تھا کہ اس مالی معاونت سے پریس کلب کی بہتری، سہولیات میں اضافہ اور صحافیوں کی پیشہ ورانہ سرگرمیوں کو مزید فروغ ملے گا انہوں نے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ اور وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور راجہ اسامہ سرور کی صحافی برادری کے لیے خدمات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی تعاون کا یہ سلسلہ جاری رہے گا

بقیہ نمبر 23

سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد عتیق طاہر، اے آئی جی آپریشنز سعود خان اور نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کے سینئر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران اسلام آباد پولیس میں بھرتیوں کے مجوزہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے بھرتی کے تمام مراحل کو شفاف، میرٹ پر مبنی اور موثر بنانے کے حوالے سے مختلف امور پر غور کیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کی کہ بھرتی کے پورے عمل کو اعلیٰ پیشہ ورانہ معیار، دیانت داری اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ صرف اہل، باصلاحیت اور میرٹ پر پورا اترنے والے امیدواروں کا انتخاب یقینی بنایا جا سکے۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ، پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل اور عوام دوست فورس بنانے کے لیے بہترین افرادی قوت کی بھرتی ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بھرتی کے تمام مراحل میں مکمل شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا اور کسی بھی قسم کی سفارش یا غیر قانونی مداخلت کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ وزیر اعظم پاکستان کے وژن اور وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی خصوصی ہدایات اور گہری دلچسپی کے پیش نظر اسلام آباد پولیس میں مختلف کیڈرز کی خالی آسامیوں پر بھرتی کا عمل شروع کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ سب انسپکٹر (اے ایس آئی) کی 223، کانسٹیبل کی 1,334، کانسٹیبل بینڈ اسٹاف کی 22 اور کانسٹیبل ماؤنٹڈ پولیس کی 9 آسامیوں پر بھرتی کی جائے گی۔ اسی طرح منسٹریل اسٹاف کی بھرتی میں اسسٹنٹ کی 20، پروڈکشن اسسٹنٹ کی ایک، اسٹینوٹائپسٹ کی 25، ڈیٹا انٹری آپریٹر کی 9، اپر ڈویژن کلرک (یو ڈی سی) کی 28 اور لوئر ڈویژن کلرک (ایل ڈی سی) کی 41 آسامیوں پر بھی بھرتی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ بھرتی کے تمام مراحل جدید تقاضوں اور طے شدہ قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ اسلام آباد پولیس میں بہترین انسانی وسائل کی شمولیت کو یقینی بنایا جا سکے اور ادارے کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں مزید اضافہ ہو۔

بقیہ نمبر 24

جلوسوں کے روٹس کا دورہ۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، تمام سکیورٹی ڈیوٹی کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی بحرم الحرام میں مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کو یقینی بناتے ہوئے وفاقی دار الحکومت کی پر امن فضا کو برقرار رکھا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق نے آٹھ محرم الحرام کے حوالے سے وفاقی دار الحکومت اسلام آباد میں امام بارگاہوں اور جلوسوں کے مجوزہ روٹس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا، سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سیکیورٹی آپریشنز سلمان ظفر اور متعلقہ زونز کے ایس پیز بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے جلوسوں کے روٹس، امام بارگاہوں اور دیگر حساس مقامات پر کیے گئے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے سکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات تمام افسران اور اہلکاروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ جلوسوں کے راستوں کو مکمل طور پر کارڈن کیا جائے اور روٹس پر روشنی کے مناسب انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران جلوسوں اور مجالس کے لیے فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ وضع کردہ ایس او پیز پر من و عن عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ مزید برآں، جلوسوں اور مجالس کے شرکاء کی حفاظت کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے کہا کہ اسلام آباد پولیس محرم الحرام کے دوران فول پروف سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ بین المسالک ہم آہنگی، بھائی چارے، رواداری اور مذہبی احترام کے فروغ کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کی فضا برقرار رکھی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے وژن کے مطابق وفاقی دار الحکومت میں محرم الحرام کے دوران مذہبی ہم آہنگی، باہمی احترام اور رواداری کو یقینی بناتے ہوئے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 25

جلوس امام بارگاہ اثنا عشری G-6 / 2 سے دو پہر ایک بجے برآمد ہوگا اور مقررہ راستوں سے گزرتے ہوئے دوبارہ امام بارگاہ پر اختتام پذیر ہوگا۔ ٹریفک پولیس کے مطابق جلوس G-6 سروس روڈ، صدر روڈ، گلی نمبر 33، گلی نمبر 40، میونسپل روڈ، میلوڈی چوک، شہداء چوک، تھانہ آبپارہ، پولی کلینک اور لقمان حکیم روڈ سے ہوتا ہوا اپنی منزل تک پہنچے گا۔ جلوس کے پیش نظر صبح 7 بجے سے اختتام تک مختلف مقامات پر ٹریفک ڈائیورژنز نافذ رہیں گی۔ پلان کے تحت کلثوم پلازہ چوک سے جناح چوک تک فضل حق روڈ دونوں اطراف سے ٹریفک کے لیے بند رہے گی۔ اسی طرح دامن کوہ چوک سے چاند تارہ چوک اور بلیو ایریا آؤٹ لوپ سے سیونتھ ایونیو چوک تک سہروردی روڈ بھی دونوں اطراف سے بند رکھی جائے گی۔ صدر روڈ اقبال ہال سے میلوڈی چوک تک، میونسپل روڈ لال مسجد سے شہداء چوک اور جی پی او چوک تک جبکہ پولی کلینک سے اقبال ہال تک لقمان حکیم روڈ مکمل طور پر بند رہے گی۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ سفر کے دوران متبادل راستے اختیار کریں۔ کلثوم پلازہ چوک سے جناح چوک جانے والے شہری جناح ایونیو استعمال کریں جبکہ جناح ایونیو، سہروردی روڈ، مارگلہ روڈ اور شہید ملت روڈ کو بھی متبادل راستوں کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پولیس نے جلوس میں شرکت کرنے والے عزاداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں صرف مختص کردہ پارکنگ مقامات پر کھڑی کریں تاکہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھی جا سکے۔ مزید ٹریفک معلومات اور تازہ اپڈیٹس کے لیے شہری اسلام آباد ٹریفک پولیس کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز فالو کریں یا ایف ایم 4،92 سنتے رہیں

بقیہ نمبر 26

ایجوکیشن سے متعلق نمائندگان کو مخاطب کرتے ہوئے وضاحت طلب کی گئی ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ بعض ہاکی سرگرمیوں، ٹرائلز یا دیگر معاملات کے دوران متعلقہ اداروں کے نام اور عہدوں کے استعمال کا مشاہدہ کیا گیا ہے، جس کے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ آیا متعلقہ افراد نے اپنے اداروں سے باقاعدہ اجازت، این او سی یا تحریری منظوری حاصل کی ہے یا نہیں۔ ڈسپلن کمیٹی نے موقف اختیار کیا ہے کہ اگر کسی ادارے کے نام یا ساکھ کو بغیر اجازت استعمال کیا گیا تو اس سے کھلاڑیوں اور عوام میں غلط تاثر پیدا ہو سکتا ہے، لہٰذا متعلقہ ادارے اس معاملے کی جانچ کریں اور اگر ضروری ہو تو مناسب کارروائی عمل میں لائیں۔ خط میں اداروں سے یہ بھی درخواست کی گئی ہے کہ اگر کوئی این او سی یا اجازت نامہ جاری کیا گیا ہے تو اس کی کاپی اسلام آباد ہاکی ایسوسی ایشن کو ریکارڈ اور وضاحت کے لیے فراہم کی جائے۔ مرزا نوید احمد نے کہا کہ ہاکی کے معاملات میں شفافیت، اداروں کے وقار کا تحفظ اور حقیقی کھلاڑیوں کے مفاد کو یقینی بنانا ضروری ہے، تاکہ کسی بھی غیر مجاز سرگرمی سے کھیل کے نظام کو نقصان نہ پہنچے۔ یہ معاملہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب پاکستان ہاکی کے انتظامی امور، کلبوں کی تصدیق اور شفافیت کے حوالے سے مختلف سطحوں پر توجہ دی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 27

تقریب میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر دیگر مقررین نے بھی محرم الحرام اور حضرت امام حسین رض کی عظیم قربانی کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا، ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے مزید کہا کہ پاکستان سمیت پوری دنیا میں ہمیں محبتوں کے پیغام کو عام کر کے انسانیت کی بہتری اور حق سچ کا ساتھ دے کر اپنا کردار احسن انداز میں ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 28

ناکام رہی ہے، جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ٹرانسپورٹرز اپنی مرضی کے کرائے وصول کر رہے ہیں۔ کہوٹہ سے راولپنڈی، کہوٹہ سے راجہ بازار اور تحصیل کہوٹہ کے مختلف لوکل روٹس پر چلنے والی گاڑیوں کے کرایوں میں کوئی خاطر خواہ کمی نہیں کی گئی۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بار بار کمی کے باوجود کرایوں میں کمی نہ ہونا متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ شہریوں نے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لیتے ہوئے نیا کرایہ نامہ جاری کیا جائے، سرکاری نرخوں پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے اور زائد کرائے وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ براہ راست عوام تک پہنچ سکے۔

بقیہ نمبر 29

مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دار الحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ آبپارہ، تھانہ مارگلہ، تھانہ سنبل، تھانہ نون، تھانہ بھارہ کہو، تھانہ پھلگراں اور تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 08 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 583 آئس، 05 بوتل شراب اور مختلف بور کے 04 عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لیے، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروروان کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران 15 مجرمان کو گرفتار کر کے جیل بھجوا دیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دار الحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی سے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار 15" پر فوری اطلاع دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 30

اس فیصلے سے کسان، ٹرانسپورٹرز، مزدور اور کاروباری طبقہ زیادہ مستفید ہوگا۔ شاہد ریاض ستی نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کی قیادت میں حکومت کی جانب سے عالمی منڈی میں قیمتوں میں کمی کا فائدہ عوام تک پہنچانا خوش آئند اقدام ہے، تاہم اس ریلیف کے اثرات ٹرانسپورٹ کرایوں، اشیائے خورونوش اور دیگر ضروریات زندگی کی قیمتوں میں بھی واضح طور پر نظر آنے چاہئیں تاکہ عام شہری حقیقی معنوں میں اس سے فائدہ اٹھا سکے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مہنگائی کے موثر کنٹرول اور عوامی فلاح کے لیے مزید عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ ریلیف عوام تک پہنچایا جا سکے

بقیہ نمبر 31

اٹک رائے عاطف رضا اور پاک آرمی کے سینئر افسران کے ہمراہ سٹی اٹک میں 08 محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا، اس موقع پر ایس پی انویسٹی گیشن اٹک زینب ایوب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انیل سعید اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے، دورے کے دوران جلوس روٹس، داخلی و خارجی راستوں، حساس مقامات اور سیکیورٹی پوائنٹس کا معائنہ کیا گیا

بقیہ نمبر 32

اداریئے، عوامی مسائل کی نشاندہی یا کسی رائے کے اظہار پر دھمکیاں دینا ناقابل قبول عمل ہے۔ اختلاف رائے ہر شخص کا حق ہے، تاہم اختلاف کا جواب دلیل اور مکالمے سے دیا جانا چاہیے، نہ کہ دھونس، دباؤ یا دھمکیوں سے۔ بیان میں کہا گیا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہوتے ہیں جو عوامی مسائل، شکایات اور آراء کو متعلقہ حلقوں تک پہنچانے کا فریضہ سرانجام دیتے ہیں۔ اگر صحافی خود کو غیر محفوظ محسوس کرنے لگیں تو معاشرے میں شفافیت، جوابدہی اور عوامی آواز متاثر ہوتی ہے۔ مرکزی پریس کلب دولتالہ کے اراکین نے مطالبہ کیا کہ سوشل میڈیا پر دی جانے والی دھمکیوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ صحافی بلا خوف و خطر اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دے سکیں۔ اراکین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صحافی برادری اپنے کسی بھی ساتھی کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور آزادی صحافت، حق اظہار رائے اور صحافیوں کے تحفظ کے لیے ہر قانونی، اخلاقی اور جمہوری فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی۔ بیان کے اختتام پر مرکزی پریس کلب دولتالہ کے اراکین نے اپنے صدر محمد نجیب جرال کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اختلاف رائے کو دھمکیوں کے ذریعے دبانے کی ہر کوشش کی بھرپور مخالفت کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 33

پنجاب محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام، جلوسوں اور مجالس کی فول پروف سکیورٹی، صفائی ستھرائی، ریسکیو، طبی سہولیات، ٹریفک کی بہتر انتظام کاری اور عزاداروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے، جو قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رکھنا اور بین المذاہب و بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ کے لیے کیے گئے اقدامات خوش آئند ہیں

بقیہ نمبر 34

کرائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک ماہ قبل رواث بازار میں بھی آتشزدگی کا واقعہ پیش آیا جبکہ پشاور موڑ انوار بازار گزشتہ دو برسوں میں چار مرتبہ آگ لگنے کے واقعات کا شکار ہو چکا ہے۔ ہر حادثے کے بعد انکوائری کمیٹیاں تشکیل دی جاتی ہیں لیکن ان کی رپورٹس کبھی منظر عام پر نہیں آتیں۔ حکومت اور انتظامیہ عوام کو بتائیں کہ ان واقعات کی اصل وجوہات کیا ہیں، ذمہ دار کون ہیں اور مستقل حل کب فراہم کیا جائے گا۔ امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نے جماعت اسلامی اور الخدمت فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ الخدمت کے رضا کار فوری طور پر متاثرین کی مدد کے لیے موقع پر پہنچے اور ریلیف سرگرمیوں میں مصروف تھے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسلام آباد کو لا وارثوں کا شہر نہیں بننے دیا جائے گا اور متاثرین کے حقوق کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 35

مطابق گزشتہ کئی سالوں سے سسرال میں ناروا سلوک کا سلسلہ جاری رکھا جا رہا ہے۔ گزشتہ روز بھی سسر اور جیٹھ کی جانب سے پلاسٹک کے پائپ اور بیٹ سے اسے اور اس کی بہن کو جسمانی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ موبائل چھین کر پوری رات ایک کمرے میں حبس بے جا میں رکھتے ہوئے بھوکا پیاسا رکھا گیا۔ صبح چچا کسی کام سے آیا تو چیخ و پکار سن کر اس نے باہر نکالا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق 24 گھنٹے گزر جانے پر مضروب خواتین کا میڈیکل عدالت سے اجازت کے بعد کروایا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق دونوں بہنوں کے خاوند آپس میں بھائی ہیں۔ ایک خاتون کا خاوند کاروبار کے سلسلے سعودی عرب مقیم بتایا جاتا ہے۔ گوجر خان پولیس نے گھریلو تشدد کا نشانہ بننے والی متاثرہ خواتین کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

بقیہ نمبر 36

مجسٹریس کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر نے مجسٹریس کو مارکیٹوں کے باقاعدہ فیلڈ وزٹ کرنے اور گراں فروشی، ذخیرہ اندوزی اور دکانوں پر سرکاری نرخ نامے آویزاں نہ کرنے والوں کے خلاف موقع پر سخت قانونی کارروائی اور جرمانے عائد کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ عام آدمی کو سستی اور معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اس لیے عوامی ریلیف میں کسی بھی سطح پر غفلت یا نرمی قطعی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام مجسٹریس روزانہ کی بنیاد پر اپنی کارکردگی کی رپورٹ پیش کرنے کے پابند ہوں گے۔

بقیہ نمبر 37

کارروائی کرتے ہوئے 8 سالہ بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، مدعی مقدمہ کے مطابق زیر حراست شخص نے اس کے بھتیجے کو کھانے کی شے کا لالچ دے کر زیادتی کی کوشش کی، مدعیہ پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، خواتین، بچوں سے ہراسمنٹ یا زیادتی ناقابل برداشت ہیں۔

بقیہ نمبر 38

آٹھ بجے سے ساڑھے بارہ بجے تک کالجز میں داخلوں کے لئے موجود ہوگی۔ چیئرمین کریز گروپ آف انسٹیٹیوشنز جاوید انتظار نے بہارہ کہو زون کریز کلسٹر 1 کا دورہ کیا۔ جس میں انہوں نے پرنسپل اسلام آباد کیریئر کالج ہسپتال ڈیم روڈ نزد کراچی ہوٹل بہارہ کہو ثوبیہ عامر، پرنسپل اسلام آباد کیریئر کالج سیری چوک دھنیال سٹریٹ بہارہ کہو صہیب سرور چوہدری، پرنسپل اسلام آباد کیریئر کالج میٹرک سیکشن کیانی روڈ بہارہ کہو راؤ یاسر سے ملاقاتوں میں والدین اور طلباء کو دیئے جانے والے گرمیوں کی چھٹیوں کے کام، نصابی، انتظامی اور مالیاتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ طلباء اور والدین کو گرمیوں کی چھٹیوں میں پڑھائی اور نصاب کی تیاری کے لئے متحرک رکھیں۔ اگست میں پہلے گروپ سے جماعت میٹرک تک داخلہ لینے والے کو سمر پیک دیں۔ چھٹیوں کا کام (سمر پیک) دے کر جون جولائی کی فیس چھوڑ دیں۔ پنڈی اور اسلام آباد بورڈ میں میٹرک کا امتحان دینے والے طلباء اور انکے والدین کو گائیڈ کریں کہ اسلام آباد کیریئر کالج کیانی روڈ بہارہ کہو، اسلام آباد کیریئر کالج غوری گارڈن، اسلام کریز کالج ٹھنڈا پانی لہتراڑ روڈ، اسلام آباد کیریئر کالج کمرشل ایریا گلزار قائد راولپنڈی، اسلام آباد کیریئر کالج صدیق شہید چوک کلر سیداں میں روز رواں میں فرسٹ ائیر کے داخلہ فارم جاری کیے جا رہے ہیں۔ جس میں فرسٹ ائیر میں مضامین کے چناؤ اور مستقبل کے لئے کریئر کونسلنگ بھی کی جا رہی ہے۔ جس کے لئے اسلام آباد کیریئر کالج کی تمام برانچز کی انتظامیہ صبح ساڑھے آٹھ سے دن ساڑھے بارہ بجے تک اپنی اپنی برانچز میں موجود ہوگی

بقیہ نمبر 39

کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے سلسلے میں مری کے دورے کے دوران جناح ہال میں منعقدہ ایک اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی، ڈی پی او مری رضا تنویر سپرا، اے ڈی سی آر عمر اویس کیانی، اے ڈی سی جی کامران صغیر، ایس ڈی پی او منیر احمد ہاشمی سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے صوبائی وزیر کو محرم الحرام کے دوران سیکیورٹی، جلوسوں کے روٹس، ٹریفک مینجمنٹ اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے بتایا کہ جلوسوں کے تمام روٹس کی نگرانی سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے کی جائے گی، جبکہ ضلعی انتظامیہ، پولیس، ٹریفک پولیس، سول ڈیفنس اور دیگر اداروں کے افسران و اہلکار اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق عزاداروں اور زائرین کی سہولت کے لیے مختلف مقامات پر سبیلوں اور دیگر سہولیات کا انتظام کیا گیا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن، بھائی چارے اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے تمام ادارے پوری ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دیں۔

بقیہ نمبر 40

منسوخ کر دی گئی ہیں۔ محرم الحرام کے دوران جلوسوں، مجالس اور دیگر مذہبی اجتماعات پر ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ریسکیو پوسٹس قائم کی جائیں گی جبکہ مختلف مقامات پر ریسکیو اہلکار اور وسائل تعینات رہیں گے۔ ایمرجنسی رسپانس کو یقینی بنانے کے لیے 32 ایمرجنسی ایمبولینسز، 24 فائر اینڈ ریسکیو ایمرجنسی گاڑیاں اور 100 موٹر بائیک ایمرجنسی سروس تعینات کی جائیں گی۔ تمام گاڑیوں کو ضروری طبی آلات، ادویات، فائر فائٹنگ اور ریسکیو سامان سے مکمل طور پر لیس رکھا جائے گا تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری امدادی کارروائی ممکن ہو سکے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر راولپنڈی نے کہا ہے کہ ریسکیو راولپنڈی کے تمام ونگز، اسٹیشنز اور افسران کو ہدایت جاری کر دی گئی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو بہترین انداز میں سرانجام دیتے ہوئے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ تمام تعینات وسائل کی مسلسل مانیٹرنگ اور فوری رسپانس کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ ایمرجنسی ریسکیو سروس راولپنڈی شہریوں سے اپیل کرتا ہے کہ محرم الحرام کے دوران حفاظتی اقدامات پر عمل کریں، ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر ایمرجنسی ہیلپ لائن 1122 پر رابطہ کریں اور ریسکیو اہلکاروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں تاکہ پرامن اور محفوظ ماحول کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 41

ہمارا کھیل کا میدان بننا چاہیے۔ اسرائیلی ٹی وی چینل کو انٹرویو میں اتمار بن گویر نے کہا ہے کہ اگر امریکہ یہ سمجھتا ہے کہ ایران اپنا جوہری پروگرام ترک کر دے گا تو یہ بڑی سادگی ہوگی

بقیہ نمبر 42

سابق ناظم یوسی مورگاہ حاجی امیر آفسر خان، سابق ناظم کوٹھہ کلاں چوہدری عابد، فوکل پرسن ایم پی اے چوہدری نعیم اعجاز ملک عمر عرفان، صدر مسلم لیگ (ن) یوسی مورگاہ ملک ساجد، ایم این اے راجہ قمر الاسلام کے پی اے ملک قیس قیوم، ایم پی اے چوہدری عمران الیاس کے پی اے چوہدری اقدس انیس، سابق ناظم سردار انجام نثار خان، امیدوار این اے 53 مرزا خالد محمود، حنیف، خرم مغل، بے برادری، اسد ارشاد، خان جاوید، بدر زمان، چوہدری جلیل اور دیگر معززین نے حاجی طاہر محمود سے ملاقات کی اور انہیں حج کی ادائیگی پر دلی مبارکباد پیش کی۔ مقررین نے کہا کہ حج ایک عظیم سعادت ہے اور حاجی طاہر محمود کی سماجی خدمات اور عوامی فلاح کے لیے کردار قابل ستائش ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کی عبادات، دعاؤں اور حج کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور انہیں مزید عوامی خدمت کی توفیق عطا کرے۔ حاجی طاہر محمود نے تمام معززین، دوستوں، سیاسی و سماجی شخصیات اور اہل علاقہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی محبت، دعائیں اور نیک خواہشات ان کے لیے باعث عزت ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ آئندہ بھی علاقہ کی بہتری، عوامی مسائل کے حل اور فلاحی سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔ تقریب کے اختتام پر ملک و قوم کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی

بقیہ نمبر 43

ادا کرتا ہوں، شہباز شریف اور مسلم لیگ (ن) کا بھی گلگت بلتستان میں پی پی پی کا مینڈیٹ تسلیم کرنے کا شکریہ ادا کرتا ہوں، مسلم لیگ ن نے ہمارے وزیر اعلیٰ اور اسپیکر کو ووٹ دیا، مسلم لیگ ن گلگت بلتستان میں اپوزیشن میں بیٹھے گی، گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی میں ڈپٹی اسپیکر ن لیگ کا ہوگا۔ انہوں ں نے کہا کہ استحکام پاکستان پارٹی کا بھی گلگت بلتستان میں پی پی پی کا ساتھ دینے پر شکریہ ادا کرتے ہیں، ایم ڈبلیو ایم اور پی ٹی آئی کے دوستوں کے بھی شکر گزار ہیں سب کے ساتھ مل کر گلگت بلتستان کے عوام کے مسائل حل کریں گے۔ بلاول نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ ایران امریکا امن معاہدے کے لیے شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کوششیں کامیاب ہوں، اس جنگ کی وجہ سے پاکستانیوں پر معاشی بوجھ پڑا ہوا ہے، ہم چاہتے ہیں امن ہونے سے پاکستانیوں پر معاشی بوجھ کم کیا جا سکے، پاکستان ایران تعلقات جنگ سے قبل بھی اچھے تھے مگر اب مزید بہتر ہوں گے، پاک ایران پائپ لائن منصوبہ صدر زرداری نے ایران سے کیا تھا حالات بہتر ہونے سے سب سے پہلے پاک ایران گیس پائپ منصوبہ مکمل کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ کا مشکل میں پاؤں اور میں گلا پکڑنے کہ بات میں نے نہیں کی یہ پیر پگاڑا نے کی تھی، کشمیر میں حالات بگڑ چکے ہیں، کشمیر میں یہ دن نہیں دیکھنا چاہتا تھا، حکومت ریاست کی پالیسی واضح ہے، عوام اور احتجاج کرنے والے گروپس کے ایشو سب کے سامنے ہیں، ہم چاہتے ہیں تمام مسائل سیاسی طریقے سے حل ہوں، پاکستان پیپلز پارٹی نے انتخابات ملتوی کرنے کی بھی بات نہیں کی، پی پی کشمیر میں نہ کل الیکشن ملتوی کروانی چاہتی تھی اور نہ آج۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ کلبھوشن یادیو پاکستان میں دہشت گردی کے لیے آیا تھا پاکستان میں پکنک منانے کے لیے نہیں، کلبھوشن یادیو کے ارادے سے آپ سب کے سامنے تھے، بھارت اسرائیل گٹھ جوڑ پاکستان کو نقصان پہنچاتا ہے، پاکستان کو بھارتی اسرائیلی گٹھ جوڑ کو بے نقاب کرنا ہوگا، بھارتی اور اسرائیلی سازش کا آسان ہدف بلوچستان ہے، کلبھوشن یادیو بھی بلوچستان میں علیحدگی پسند تنظیموں اور دہشت گردوں کو سپورٹ کرنے آیا تھا

بقیہ نمبر 44

کے چیئرمین راجہ خرم نواز کی مسلسل کاوشوں کے نتیجے میں اسلام آباد کے دیہی علاقوں کے عوام کے لیے صحت کی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں ایک اہم سنگ میل عبور کر لیا گیا ہے کنگ سلیمان ہسپتال ترلائی اسلام آباد کی تعمیر کے لیے باضابطہ طور پر ٹینڈر جاری کر دیا گیا ہے اس منصوبے کی تکمیل سے دیہی علاقوں کے لاکھوں مکینوں کو جدید اور معیاری طبی سہولیات اپنے علاقے میں میسر آئیں گی جبکہ علاج معالجے کے لیے شہری مراکز کا رخ کرنے کی مشکلات میں بھی نمایاں کمی آئے گی مقامی آبادی کا دیرینہ مطالبہ پورا ہونے جا رہا ہے جسے علاقے کے عوام نے خوش آئند قرار دیا ہے راجہ خرم نواز نے اس پیش رفت پر اظہار مسرت کرتے ہوئے کہا کہ کنگ سلیمان ہسپتال کا قیام دیہی علاقوں میں صحت کے شعبے میں ایک انقلابی اقدام ثابت ہوگا اور عوام کو تاریخی سہولت فراہم کرے گا انہوں نے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ان کی درخواست پر عمل درآمد کرتے ہوئے دیہی علاقوں کی لاکھوں آبادی کے لیے صحت کی سہولیات کی فراہمی کے اس تاریخی منصوبے کو عملی شکل دی راجہ خرم نواز نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی خدمت۔ بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقے کی ترقی کے لیے ان کی کوششیں آئندہ بھی جاری رہیں گی

بقیہ نمبر 45

کے دار الحکومت باکو میں اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے رکن ممالک کی پارلیمانی یونین کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محمد باقر قالیباف نے کہا کہ اسلامی دنیا کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اتحاد، باہمی تعاون اور مشترکہ حکمت عملی ناگزیر ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام تنازعات کے خاتمے اور مذاکرات کے فروغ کی ضرورت ہے۔ ایرانی اسپیکر نے کہا کہ ایران باہمی احترام، خودمختاری کے احترام اور ایک دوسرے کے داخلی معاملات میں عدم مداخلت کے اصولوں کی بنیاد پر تمام اسلامی ممالک کے ساتھ اپنے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے تیار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسلامی ممالک کے درمیان تعاون ہی خطے کو بیرونی دباؤ اور بحرانوں سے محفوظ بنا سکتا ہے۔ محمد باقر قالیباف نے خطے کی سلامتی کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مشرق وسطیٰ اور اسلامی دنیا کی سلامتی کسی بیرونی طاقت سے درآمد نہیں کی جا سکتی بلکہ اسے مقامی اور علاقائی بنیادوں پر استوار کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی ممالک اپنی سلامتی اور استحکام کو یقینی بنانے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں اور اس مقصد کے لیے مشترکہ کوششوں کو فروغ دینا چاہیے۔ انہوں نے فلسطین اور لبنان کی صورتحال کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مسلم دنیا کو انسانی جانوں کے تحفظ، جنگوں کے خاتمے اور سیاسی حل کی حمایت کے لیے مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان کے مطابق خطے میں امن کا قیام صرف اسی صورت ممکن ہے جب تمام فریق مذاکرات، انصاف اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کو ترجیح دیں۔ او آئی سی پارلیمانی یونین کے اجلاس میں شریک مختلف ممالک کے نمائندوں نے بھی مسلم دنیا کو درپیش سیاسی، اقتصادی اور سلامتی کے چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا اور باہمی تعاون کے فروغ پر زور دیا۔ اجلاس میں علاقائی استحکام، اقتصادی روابط اور پارلیمانی سفارت کاری کو مضبوط بنانے کے حوالے سے مختلف تجاویز بھی زیر غور آئیں۔

بقیہ نمبر 46

میں بجٹ سیشن کے دوران ایوان سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ بہترین بجٹ بنانے پر پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، اپوزیشن لیڈر کی خدمت میں عرض ہے کہ بجٹ کا جشن منائیں یا نہ منائیں لیڈر کی رہائی کا ضرور منائیں گے۔

بقیہ نمبر 47

اسمبلی میں بجٹ سیشن کے دوران ایوان سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ بہترین بجٹ بنانے پر پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، اپوزیشن لیڈر کی خدمت میں عرض ہے کہ بجٹ کا جشن منائیں یا نہ منائیں لیڈر کی رہائی کا ضرور منائیں گے۔

بقیہ نمبر 48

ہے تاہم توانائی کے شعبے کے ماہرین خبردار کر رہے ہیں کہ مشرق وسطیٰ کی صورتحال اب بھی غیر یقینی ہے۔ کشیدگی بڑھنے یا آبنائے ہرمز میں تیل کی ترسیل متاثر ہوئی تو خام تیل کی قیمتوں میں ایک بار پھر تیزی آ سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 49

تعلقات عامہ کے مطابق نیول چیف نے پاکستان نیوی وار کالج کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے 55 ویں پاکستان نیوی سٹاف کورس کے شرکا سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے جدید جنگی ماحول کی بدلتی ہوئی نوعیت، سمندری سلامتی کو درپیش ابھرتے ہوئے خطرات اور خطے میں تیزی سے تبدیل ہوتی جغرافیائی و سیاسی صورتحال پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ روایتی اور غیر روایتی خطرات سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے دفاعی حکمت عملیوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 50

کر دیے گئے ہیں جبکہ صوبے کی 614 امام بارگاہوں اور 907 جلوسوں کے لیے خصوصی سکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں اس کے علاوہ 8 اضلاع کو انتہائی حساس اور 6 اضلاع کو حساس قرار دیا گیا ہے جبکہ جدید ٹیکنالوجی و سیف سٹی کیمروں اور پولیس پیٹرولنگ سمیت سنیپ چیکنگ اور سوشل میڈیا مانیٹرنگ کے ذریعے امن و امان یقینی بنایا جائے گا وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے ہدایت کی کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور محرم ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کی فلاح و بہبود کا بھی خصوصی خیال رکھا جائے۔

بقیہ نمبر 51

اقوام متحدہ کے اداروں کے نمائندوں سے ملاقات کے دوران خاتون اول نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے ساتھ اپنے قریبی اور کثیر الجہتی تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے اور ملک میں خدمات انجام دینے والی اقوام متحدہ کی ایجنسیوں، فنڈز اور پروگراموں کے کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ملاقات میں قومی ترقیاتی ترجیحات، موسمیاتی لچک، صحت، تعلیم، سماجی تحفظ، پائیدار ترقیاتی اہداف اور انسانی بہبود سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ خاتون اول نے کہا کہ پاکستان قومی ترقیاتی منصوبوں کو آگے بڑھانے کے لیے اقوام متحدہ کے کنٹری ٹیم کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 52

کی بحالی کیلئے امریکا ایران ہاٹ لائن انتہائی اہم ہے۔ ہاٹ لائن کا مقصد غلط معلومات اور کسی بھی ممکنہ اشتعال انگیزی کو روکنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر معاہدہ سبوتاژ کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں، ضروری ہے کہ جہازوں کو ملنے والی کسی بھی دھمکی کی ایران سے تصدیق کی جائے۔

بقیہ نمبر 53

راہداری قائم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے، اس کے علاوہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں کیلئے پیشگی رابطہ لازمی قرار دیا گیا۔ عمان کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ جہازوں کی محفوظ آمدورفت کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 54

آئے ہیں، جن پر مشاورت کا عمل جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بل پر اٹھائے گئے اعتراضات جمہوری عمل کا حصہ ہیں اور ان تمام تحفظات کو جلد ہی دور کر دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 55

برگن اسٹاک میں ہونے والے مشترکہ اعلامیے پر ایرانی ہم منصب کو مبارکباد دی اور کہا کہ یہ پیش رفت ایران کی حکومت اور قیادت کی سنجیدہ اور مخلصانہ کوششوں کے بغیر ممکن نہ تھی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ سے خطے اور دنیا میں امن و استحکام کا خواہاں رہا ہے اور مشرق وسطیٰ میں دیرپا امن کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا، امید ہے حالیہ امن معاہدے کے خطے پر مثبت اور دور رس اثرات مرتب ہوں گے۔ ایرانی وزیر داخلہ نے پاکستان میں اپنے دورے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جلد وہ پاکستان کا تفصیلی دورہ کریں گے جس کا مقصد دونوں ممالک کی وزارت داخلہ کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانا ہوگا۔ ملاقات میں سکیورٹی تعاون، انسداد دہشتگردی، سائبر سکیورٹی اور امیگریشن سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ایرانی وزیر داخلہ نے ایران امریکہ مذاکرات میں پاکستان کے کردار اور پاکستانی عوام کی حمایت کو بھی سراہا۔ ملاقات میں وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری، سیکرٹری داخلہ اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 56

اب تک ڈوبنے کے واقعات میں 40 افراد ہلاک ہو چکے ہیں، جن میں اکثریت نوجوانوں کی ہے

بقیہ نمبر 57

انٹرمیڈیٹ خام تیل 73 ڈالر فی بیرل کی قریب فروخت ہو رہا جبکہ برینٹ کروڈ کی قیمت میں ایک فیصد سے زائد کی ریکارڈ کی گئی اور یہ 77.8 ڈالر فی بیرل ہو گیا۔

بقیہ نمبر 58

ایران کے درمیان مذاکرات ہوئے جس میں وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے شرکت کی، اس حوالے سے عالمی برادری نے پاکستان کے تعمیری کردار اور کوششوں کو تسلیم کیا، پاکستان نے قطر کے ساتھ مل کر آئی ایم او یو کے فریم ورک کے تحت پہلے اعلیٰ سطح اجلاس کی میزبانی کی، وزیر اعظم شہباز شریف، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس اور ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر مذاکرات میں شامل ہوئے، اگلی مذاکرات کار باقاعدگی سے اعلیٰ سطح کمیٹی کو مذاکرات میں پیش رفت سے آگاہ کریں گے

بقیہ نمبر 59

میں حکومت سازی سے متعلقہ امور پر تبادلہ خیال ہوا، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان پیپلز پارٹی کی گلگت بلتستان میں حکومت سازی کے سلسلے میں حمایت پر تحریک استحکام پاکستان کا شکریہ ادا کیا، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف موجود تھے۔

بقیہ نمبر 60

حضرت حسین (رض) کی عظمت کو بیان کرنا، یاد کرنا ذہنی، فکری، اسلامی نظریاتی ضرورت ہے لیکن میدان کربلا کا اصل پیغام یہ ہے کہ ہر دور میں ملوکیت کا راستہ روکا جائے، عدل و انصاف کے نظام کے لئے جدوجہد کی جائے، انسانوں پر انسانوں کی بالادستی پر مبنی نظام سے نجات کی جدوجہد انسانیت کی معراج ہے۔ مشکلات، آزمائشوں اور امتحان کے مراحل میں جرأت و استقامت کا دامن مضبوطی سے پکڑا جائے اور کامیابی کا معیار یہ ہے کہ اللہ اور اُس کے پیغمبر اعظم (ص) کی اطاعت و اتباع کی جائے۔ لیاقت بلوچ نے دربار میاں میر میں سالانہ عشرہ محرم الحرام بیاد شہدائے کربلا اتحاد اُمت کانفرنس سے خطاب کیا اور سید مودودی (رح) میموریل میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران، امریکہ کے درمیان جنگ بندی، سوئٹزرلینڈ میں معاہدہ پر عملدرآمد کے لئے مذاکرات کا پہلا دور کامیاب رہا۔ اللہ تعالیٰ نے معرکہ حق کے بعد پاکستان کو عالمی سفارتی محاذ پر بھی قابل فخر کامیابی دی ہے۔ عزت، وقار اور عالمی محاذ پر کامیابیاں تقاضا کر رہی ہیں کہ ملک کے اندرونی حالات پر ایڈہاک ازم کی بنیاد پر توجہ دینے کی بجائے پوری سنجیدگی کیساتھ قومی تقاضوں کے مطابق مسائل کا حل نکالا جائے

بقیہ نمبر 61

کرے تو بڑی ترقی کے مواقع ہیں، خطے میں جب تک ایرانی پراکسیز حملے کریں گے کشیدگی ختم نہیں ہو سکتی۔ امریکی وزیر خارجہ نے کہا کہ عراق سے میزائل اور ڈرون حملے علاقائی امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں، عراق میں بھی حماس، حزب اللہ جیسے گروہ دہشتگردی میں ملوث ہیں۔ امریکا ایران بات چیت میں یہ موضوع بھی جلد زیر بحث آئے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ خطے کے تمام ممالک امریکا کے موقف سے اتفاق کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 62

ان پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، وہ اس پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اپوزیشن کا کردار صرف تنقید کرنا نہیں بلکہ عوامی مفادات کا تحفظ اور حکومتی پالیسیوں کی موثر نگرانی بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کو درپیش مسائل، ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی فلاح کے اقدامات پر کڑی نظر رکھی جائے گی۔ عوام کے جائز حقوق کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی اور اسمبلی کے اندر ایک مضبوط اور ذمہ دار اپوزیشن کا کردار ادا کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 63

مقبولیت کی شرح کم ہو کر 34 فیصد رہ گئی جو ان کی دوسری صدارتی مدت کے دوران اپریل میں ریکارڈ کی گئی کم ترین سطح کے برابر ہے۔ سروے میں شامل صرف 23 فیصد افراد کا ماننا ہے کہ جنگ کے بعد ایران کے مقابلے میں امریکا کی پوزیشن زیادہ مضبوط ہوئی ہے، 35 فیصد کے نزدیک امریکہ اب پہلے کے مقابلے میں کمزور پوزیشن میں ہے۔ نتائج کے مطابق 50 فیصد جواب دہندگان نے کہا یہ تنازع اپنے اخراجات اور نتائج کے اعتبار سے فائدہ مند نہیں تھا جبکہ باقی افراد نے اس بارے میں کوئی واضح رائے دینے سے گریز کیا یا غیر یقینی کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 64

کرتے ہوئے گھر بیٹھے اپنی رجسٹریشن مکمل کی۔ اعداد و شمار کے مطابق 41 ہزار افراد نے سرکاری حج سکیم جبکہ 10 ہزار افراد نے پرائیویٹ حج سکیم کا انتخاب کیا ہے، رجسٹریشن کرانے والوں میں پنجاب کے 24 ہزار، سندھ کے 16 ہزار، خیبر پختونخوا کے 7 ہزار اور اسلام آباد کے 3 ہزار شہری شامل ہیں۔ ترجمان نے بتایا ہے کہ بلوچستان سے 800، آزاد کشمیر سے 260 اور گلگت بلتستان سے 77 افراد نے حج 2027 کے لیے رجسٹریشن کرائی ہے

بقیہ نمبر 65

پانچ جنگیں لڑی ہیں لیکن صلہ کیا ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے نوے کی دہائی میں شدید کشیدگی دیکھی، میاں نواز شریف اور بینظیر بھٹو نے کشیدگی ختم کرنے کا فیصلہ کیا، ان کے اقتدار کے زمانے میں اس ایوان میں کیا کیا نہیں ہوا، مراد سعید ان میزوں کے اوپر دوڑتے تھے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ آئیں آپ بھی ماضی کو درست کریں اور ہم بھی درست کرتے ہیں، آئیں میثاق جمہوریت کا حصہ بنیں اور دستخط کریں، انہوں نے آدھے گھنٹے میں 55 قانون سازیاں کیں، ایک شخص نے اسپیکر کی کرسی پر قومی اسمبلی کو تحلیل کیا، ہمارا ماضی قابل رشک نہیں لیکن درست کرنے کی کوشش کی۔

بقیہ نمبر 66

موقف موثر انداز میں پیش کر رہی ہیں۔ اپنے پیغام میں صدر پاکستان آصف علی زرداری کا کہنا ہے کہ خواتین سفارت کار امن، مکالمے اور بین الاقوامی تعاون کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں

بقیہ نمبر 67

میں اسرائیلی فوج دستے شام کے دیہی علاقے میں گشت کرتے ہوئے دیکھے گئے، شام کے جنوبی صوبے قنیطرہ کے قریب دیہی علاقے میں اسرائیلی فوج کے اہلکاروں اور دو مرکاوا ٹینکوں کی موجودگی دیکھی گئی۔ مقامی ذرائع کے مطابق اسرائیلی فوجی دستے نواحی علاقوں میں گشت کرتے ہوئے نظر آئے، ان کے ہمراہ دو مرکاوا ٹینک بھی موجود تھے۔ اس واقعے کے بعد علاقے میں سکیورٹی صورتحال اور سرحدی کشیدگی کے حوالے سے خدشات میں اضافہ ہوا ہے۔ یہ پیش قدمی 1974 کے معاہدے کی خلاف ورزی قرار دی جا رہی ہے، اس معاہدے کا مقصد شام اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی لائن پر کشیدگی کو کم رکھنا اور فوجی نقل و حرکت کو محدود کرنا تھا۔

بقیہ نمبر 68

(ترمیمی) بل 2026 منظور کر لیا، جس میں ایف بی آر کے ماضی کے احکامات، نوٹیفکیشنز معاہدوں سمیت تمام اقدامات اور تقرریوں کو قانونی تحفظ فراہم کر دیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت قومی اسمبلی کے اجلاس میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ایف بی آر ترمیمی بل 2026 پیش کیا جس کی کثرت رائے سے منظوری دے دی۔ بل کے مسودہ کے تحت بل کے تحت ایف بی آر ایکٹ 2007 میں اہم ترامیم، بعض شقوں کے خاتمے اور نئی دفعات کے اندراج کی منظوری دی گئی ہے۔ بل میں سپریم کورٹ کے مصطفیٰ امپیکس فیصلے کے تناظر میں ترامیم کی گئیں ہیں جن کا مقصد انتظامی تسلسل اور قانونی ابہام کا خاتمہ قرار دیا گیا ہے۔ ایف بی آر کی ایکٹ کی دفعہ 5،2 اور 6 میں ترامیم منظور کی گئی ہیں، ایف بی آر ایکٹ سے پالیسی بورڈ سے متعلق شق ختم کرنے کی منظوری کے ساتھ تقرریوں اور فیصلوں کی قانونی توثیق بھی شامل ہے۔ ماضی کے تمام اقدامات کو قانونی تحفظ دیا گیا ہے۔ نئی دفعہ 25 کے تحت تمام تقرریوں کو قانونی حیثیت حاصل ہوگی۔ ماضی کے احکامات، نوٹیفکیشنز اور معاہدوں کو درست قرار دینے کی منظوری دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 69

کے سیوریج کے پانی سے 29 ماحولیاتی نمونے حاصل کیے گئے تھے، جن میں اکیس نمونے منفی آئے، جب کہ 7 نمونوں کی رپورٹ تا حال زیر عمل ہے، مثبت ماحولیاتی نمونہ کراچی ایسٹ سے رپورٹ ہوا ہے۔ حالیہ راؤنڈ میں سندھ کے کسی اور ضلع سے مثبت ماحولیاتی نمونہ رپورٹ نہیں ہوا، پولیو ویکسینیشن مہم کا اگلا راؤنڈ کراچی کے تمام اضلاع میں 6 سے 12 جولائی تک ہوگا، والدین سے اپیل کی گئی ہے کہ پولیو ٹیموں کا خیر مقدم کریں اور بچوں کو قطرے ضرور پلوائیں۔

سیکٹر F14-15 کو جدید، خوبصورت اور ماحول دوست بنانے کیلئے FGEHA کے اہم اقدامات

بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے اور منصوبے کی جلد تکمیل کے لیے مسلسل اجلاسوں، فیلڈ وزٹس کا سلسلہ جاری ہے

2016 سے مسلسل اقساط جمع نہ کروانے والوں کیلئے ہاؤسنگ اتھارٹی کے ایگزیکٹو بورڈ کی خصوصی کمیٹی تشکیل

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس ریاض حسین پیرزادہ، سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کیپٹن (ر) محمد محمود اور ڈائریکٹر جنرل FGEHA کیپٹن (ر) ظفر اقبال کی متحرک قیادت میں سیکٹر F-14 اور F-15 کو اسلام آباد کے جدید، خوبصورت اور ماحول دوست رہائشی سیکٹرز میں شامل کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اور خصوصی ہدایات کے مطابق مذکورہ سیکٹرز میں ترقیاتی سرگرمیوں کو تیز کرنے، الاٹیز کے مسائل حل کرنے، بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے اور منصوبے کی جلد تکمیل کے لیے مسلسل اجلاسوں، فیلڈ وزٹس اور انتظامی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اتھارٹی کی قیادت اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ سیکٹر F-14 اور F-15 کو جدید شہری تقاضوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

سیکٹر F-14 اور F-15 سے متعلق سیکرٹری ہاؤسنگ اور ڈی جی FGEHA کو بریفنگ دی جا رہی

امیر جماعت اسلامی اسلام آباد ایچ نائن اتوار بازار میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ایچ نائن اتوار بازار آتشزدگی کی فوری تحقیقات کرائی جائیں، نصر اللہ رندھاوا

وفاقی دارلحکومت میں بیوروکریسی محفوظ جبکہ عام شہری اور تاجر عدم تحفظ کا شکار ہیں، امیر جے آئی اسلام آباد

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی اسلام آباد انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے ایچ نائن اتوار بازار میں آتشزدگی سے متاثرہ تاجروں سے ملاقات کی، متاثرین کے ہمراہ بازار کا دورہ کیا اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بار بار آتشزدگی کے واقعات اسلام آباد انتظامیہ اور سی ڈی اے کی ناقص کارکردگی اور غفلت کو بے نقاب کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے لیکن بدقسمتی سے اسلام آباد میں بیوروکریسی محفوظ جبکہ عام شہری اور تاجر عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ تاجروں کی عمر بھر کی جمع پونجی خاکستر ہو رہی ہے مگر ذمہ داروں کا تعین نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ سی ڈی اے کی جانب سے بازار کے دروازے بند رکھنا اور میڈیا کو حقائق تک رسائی سے روکنا مزید سوالات کو جنم دیتا ہے۔ انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے مطالبہ کیا کہ ایچ نائن اتوار بازار آتشزدگی کی شفاف، غیر جانبدارانہ اور فوری تحقیقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

مری پریس کلب کے لیے خطیر گرانٹ کا چیک جاری

راجہ اسامہ سرور نے چیک مری صدر عبدالحمید عباسی کے حوالے کیا

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور راجہ اسامہ سرور کی خصوصی کاوشوں کے نتیجے میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ کی جانب سے مری پریس کلب کے لیے خطیر مالی گرانٹ کا چیک جاری کر دیا گیا راجہ اسامہ سرور نے یہ چیک مری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

LPG مافیا نے عوام کی جیبوں سے 60 تا 70 ارب روپے اضافی نکال لیے

ایران امریکا کشیدگی کے باعث توانائی بحران کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ایل پی جی مافیا نے من مانی قیمت پر ایل پی جی فروخت کی

پلانٹ سے 550 روپے کلو ایل پی جی ملے گی تو 309 میں کیسے فروخت کریں؟ دکاندار، افسران سے رابطہ، جواب نہیں ملا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ملکی تاریخ کی مہنگی ترین ایل پی جی کی فروخت کے ذریعے ایل پی جی مافیا نے 60 سے 70 ارب روپے مہنگائی میں پسی ہوئی عوام کی جیبوں سے نکال لیے، عوام 309 روپے فی کلوگرام والی ایل پی جی 600 روپے سے بھی زائد قیمت پر خریدتے رہے۔ ایران امریکا کشیدگی کے باعث توانائی بحران کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ایل پی جی مافیا نے اپنی من مانی قیمت پر ایل پی جی فروخت کی بلکہ آج بھی بڑے دھڑلے سے سرعام فروخت کر رہے ہیں۔ پاکستان ایل پی جی ڈسٹری بیوٹر ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں روزانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

آئی جی اسلام آباد پولیس ناصر رضوی کی زیرِ صدارت اجلاس

بھرتی کے عمل کو شفاف، میرٹ پر مبنی اور موثر بنانے کے مختلف امور کا تفصیلی جائزہ

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد۔ آئی جی اسلام آباد نے بھرتی کے عمل کو شفاف، میرٹ پر مبنی اور موثر بنانے کے مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام افسران کو بھرتی کے تمام مراحل کو اعلیٰ پیشہ ورانہ معیار کے مطابق مکمل کرنے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

دومیل میں یوم عاشور مذہبی عقیدت واحترام سے منایا جائیگا

دومیل (بیورو رپورٹ) دومیل میں عاشور محرم مذہبی عقیدت واحترام سے منایا جائے گا داخلی وخارجی راستے بند سیکیورٹی کے سخت انتظامات تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

راول ہاسپٹل میں محرم الحرام بارے خصوصی تقریب کا انعقاد

عوامی قوت پارٹی کے عہدیداران اور خواتین ورکرز نے شرکت کی

خاقان وحید خواجہ کی جلد از جلد صحت یابی کے لیے دعا، لنگر تقسیم

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ کی خصوصی ہدایت پر محرم الحرام کے سلسلے میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ یہ سیمینار پارٹی کی شعبہ خواتین ونگ نے منعقد کیا۔ اس ضمن میں راول ہاسپٹل کے مین ہال میں ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

خاتون گھریلو تشدد کا نشانہ بن گئی، حبس بے جا میں رکھنے کا انکشاف

مضروب خواتین کا میڈیکل عدالت سے اجازت کے بعد کروایا جائیگا، پولیس

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان کے نواحی علاقے میں دو بہنوں کو گھریلو تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے حبس بے جا میں رکھنے کا سنگین واقعہ منظر عام پر آ گیا، پولیس نے ایف آئی آر درج کر لی تفصیلات کے مطابق خواتین کو حبس بے جا میں رکھ کر گھریلو تشدد کا نشانہ بنانے کا واقعہ گوجرخان کے نواحی علاقے ڈھوک مرزا اکبر آباد دلمی میں پیش آیا۔ متاثرہ خاتون کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

جہلم، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

جہلم (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن کی زیرِ صدارت پرائس کنٹرول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کا سینئر پولیس افسران کے ہمراہ 8 محرم کے جلوسوں کے روٹس کا دورہ

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کا سینئر پولیس افسران کے ہمراہ آٹھ محرم الحرام کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

مورگاہ، طاہر محمود کے اعزاز میں استقبالیہ، حج کی سعادت پر مبارکباد

آپکی سماجی خدمات اور عوامی فلاح کیلئے کردار قابلِ ستائش ہے، معززین

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ) حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد سابق نائب ناظم مورگاہ حاجی طاہر محمود کی واپسی پر مورگاہ اور گردونواح کی سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات کی جانب سے انہیں مبارکباد پیش کی گئی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

صوبائی وزیر ملک صہیب احمد محرم الحرام کے سلسلہ میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مندرہ، 8 سالہ بچے سے بدفعلی کی کوشش کرنے والا شخص گرفتار

گوجرخان (بیورو رپورٹ) تھانہ مندرہ پولیس کی کارروائی، 8 سالہ بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والا شخص گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ مندرہ پولیس نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

کامسیٹس یونیورسٹی سٹاف ویلفیئر الیکشن، فاؤنڈر پینل کامیاب

چوہدری آصف محمود صدر، ہمایوں محمود سکریٹری جنرل منتخب ہوگئے

اسٹاف کے مسائل حل کیلئے بھرپور کوششیں کریں گے، نومنتخب صدر



اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) کامسیٹس یونیورسٹی سٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے سالانہ الیکشن میں فاؤنڈیشن سٹاف پینل بھاری اکثریت سے کامیاب چوہدری آصف محمود صدر، ہمایوں سکریٹری جنرل منتخب تفصیلات کے مطابق کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد میں اسوہ یونیورسٹی سٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن

میر اشتیاق احمد ایڈووکیٹ کی والدہ کا انتقال، نماز جنازہ ادا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سینئر رہنما تحریک منہاج القرآن اسلام آباد ڈویژنل صدر نظام المدارس پاکستان میر اشتیاق احمد ایڈووکیٹ کی والدہ انتقال کر گئیں نماز جنازہ آبائی علاقے میں ادا کی گئی اس موقع شیخ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ڈی سی راولپنڈی کا ٹی ایچ کیو گوجرخان کا دورہ، سہولیات کا جائزہ

مریضوں نے مفت علاج و ادویات پر اطمینان کا اظہار کیا، ایم ایس و ٹیم کی بھرپور حوصلہ افزائی

گوجرخان (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ اور سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی نے اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور گورائیہ اور اے ایس پی گوجرخان سید دانیال حسن کے ہمراہ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز، ایمرجنسی اور فارمیسی کا معائنہ کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

فرسٹ ائیر کلاسز میں داخلہ مہم کے مثبت نتائج آئیں گے، چیئرمین کیریئر گروپ

اسلام آباد (پ ر) فرسٹ ائیر کلاسز میں داخلہ مہم کے مثبت نتائج آئیں گے۔ اسلام آباد کیریئر کالج کی 9 اور 10 محرم کی چھٹی دے دی۔ تاہم ہفتے کے دن سے انتظامیہ ساڑھے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

عاشورہ: شرانگیزی برداشت نہیں کی جائے گی، صہیب بھرتھ

صوبائی وزیر کا مری دورہ، سیکیورٹی انتظامات جائزہ اجلاس سے خطاب

مری (نمائندہ شہرنامہ) صوبائی وزیر برائے تعمیرات و مواصلات پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ محرم الحرام بالخصوص یوم عاشورہ کے جلوسوں اور مجالس کے لیے موثر اور فول پروف سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے، جبکہ امن و امان کے قیام کے لیے تمام ادارے باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محرم الحرام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

9 محرم: اسلام آباد کیلئے ٹریفک پلان جاری، متعدد شاہراہیں بند رہیں گی

مرکزی جلوس امام بارگاہ اثناء عشری G-6/2 سے دوپہر ایک بجے برآمد ہوگا

صبح 7 بجے سے اختتام تک مختلف مقامات پر ٹریفک ڈائیورشنز نافذ رہیں گی

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) 9 محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے موقع پر اسلام آباد ٹریفک پولیس نے خصوصی ٹریفک پلان جاری کر دیا ہے۔ پولیس کے مطابق مرکزی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

رہنما تحریک منہاج القرآن میر اشتیاق احمد کی والدہ کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

اڈیالہ، سیدنا امام حسین کانفرنس سے علامہ عظمت چشتی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی یوم عاشورہ کیلئے ایمرجنسی پلان نافذ، افسران اہلکاروں کی چھٹیاں منسوخ

32 ایمرجنسی ایمبولینسز، 24 فائر اینڈ ریسکیو ایمرجنسی گاڑیاں اور 100 موٹر بائیک ایمرجنسی سروسز تعینات کی جائیں گی

تمام ونگز، اسٹیشنز اور افسران ذمہ داریاں نبھائیں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر راولپنڈی کی ہدایات پر ریسکیو 1122 راولپنڈی نے یوم عاشور (10 محرم الحرام) کے موقع پر شہریوں کو بروقت اور مؤثر ایمرجنسی سہولیات فراہم کرنے کے لیے خصوصی ایمرجنسی کور پلان مرتب کر لیا گیا۔ اس سلسلے میں یوم عاشور پر کوڈ ریڈ نافذ کر دیا گیا ہے اور تمام ریسکیو افسران و اہلکاروں کی چھٹیاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

حاجی طاہر محمود کے اعزاز میں استقبالیہ، حج کی سعادت پر مبارکباد

حاجی طاہر محمود کا دوستوں، سیاسی و سماجی شخصیات اور اہلِ علاقہ کا شکریہ

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد سابق نائب ناظم مورگاہ حاجی طاہر محمود کی واپسی پر مورگاہ اور گردونواح کی سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات کی جانب سے انہیں مبارکباد پیش کی گئی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

اسرائیل ایران کے خلاف اکیلا بھی کارروائی کرسکتا ہے، اتمار بن گویر

تل ابیب (آئی این پی) اسرائیل کے قومی سلامتی کے وزیر اتمار بن گویر نے عندیہ دیا ہے کہ تل ابیب تہران کے خلاف اکیلا بھی کارروائی کر سکتا ہے، اسرائیل لبنان میں جنگ بندی پر راضی نہیں ہو سکتا، پورا لبنان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

ہاکی ایسوسی ایشن ڈسپلن کمیٹی: اداروں سے وضاحت طلب

ہاکی معاملات میں شفافیت، اداروں کے وقار اور کھلاڑیوں کے مفاد کو یقینی بنانا ضروری

ڈسپلن کمیٹی کے چیئرمین مرزا نوید احمد کی جانب سے خط جاری کر دیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) اسلام آباد ہاکی ایسوسی ایشن کی ڈسپلن کمیٹی نے بعض سرگرمیوں میں سرکاری و تعلیمی اداروں کے نام، وابستگی اور عہدوں کے استعمال کے معاملے پر متعلقہ اداروں سے وضاحت طلب کر لی ہے۔ اسلام آباد ہاکی ایسوسی ایشن کے ڈسپلن کمیٹی کے چیئرمین مرزا نوید احمد کی جانب سے جاری کردہ خط، جو ایسوسی ایشن کے صدر کی منظوری سے جاری کیا گیا، میں اے پی ایس (آرمی پبلک اسکولز)، سی ڈی اے اور فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

فوڈ اتھارٹی کا ملاوٹ مافیا کیخلاف آپریشن، غیر معیاری اشیا تلف، 11 لاکھ جرمانہ

انسانی صحت کو خطرے میں ڈالنے والے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی، ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہدایت پر صوبہ بھر میں غیر معیاری اور مضرِ صحت خوراک تیار کرنے والوں کے خلاف بڑے پیمانے پر گرینڈ آپریشن کیا گیا، جس کے دوران 14 مقامات پر سخت کارروائیاں کرتے ہوئے بھاری جرمانے عائد کیے گئے جبکہ متعدد پروڈکشن یونٹس بند کر دیے گئے۔ ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد عدالت کا شہری کا پاسپورٹ بلیک لسٹ سے نکالنے کا حکم

شہری کا نام بلیک لسٹ میں برقرار رکھنا قانون اور انصاف کے منافی، ظہیر اعوان

اسلام آباد (پ ر) پاسپورٹ بلیک لسٹ کیس میں عدالت نے اہم فیصلہ سناتے ہوئے شہری کا پاسپورٹ بلیک لسٹ سے خارج کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ درخواست گزار کی جانب سے ملک ظہیر اعوان ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے اور مؤقف اختیار کیا کہ امیگریشن ڈیپارٹمنٹ اور ایف آئی اے نے شہری کا پاسپورٹ غیر قانونی طور پر بلیک لسٹ کر رکھا ہے، جس کے باعث اس کے بنیادی حقوق متاثر ہو رہے ہیں۔ سماعت کے دوران عدالت نے دونوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

کہوٹہ، پٹرول سستا، کرائے بدستور مہنگے، انتظامیہ خاموش

کرایوں میں کمی نہ ہونا متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان، شہری

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی نہ ہو سکی۔ عوام کا کہنا ہے کہ پٹرول مہنگا ہوتے ہی ٹرانسپورٹرز فوری طور پر کرایوں میں اضافہ کر دیتے ہیں، لیکن قیمتوں میں کمی کے باوجود مسافروں سے پرانے اور زائد کرائے وصول کیے جا رہے ہیں۔ شہریوں کے مطابق انتظامیہ تاحال نیا کرایہ نامہ جاری کرنے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

سالانہ شہداء کربلا کانفرنس مسجد عائشہ نواز کالونی کالٹیکس روڈ راولپنڈی میں منعقد ہوگی

اڈیالہ (نامہ نگار) سالانہ شہداء کربلا کانفرنس 26 جون بروز جمعۃ المبارک صبح 9 بجے جامعہ مسجد عائشہ نواز کالونی کالٹیکس روڈ راولپنڈی میں منعقد ہو گی۔ جس کی سرپرستی پیر عبدالوسید سعید جیلانی المعروف پیرستی چیرمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

مندرہ پولیس کی کارروائی، سنیچر گینگ کا سرغنہ گرفتار

جلد گینگ کے باقی ممبر بھی پولیس کی حراست میں ہوں، ایس پی صدر انعم

گوجرخان (بیورو رپورٹ) مندرہ پولیس کی موبائل چھیننے والوں کے خلاف کاروائی، گینگ کا سرغنہ گرفتار، موبائل فون اور نقدی برآمد، جلد گینگ کے باقی ممبر بھی پولیس کی حراست میں ہوں گے، ایس پی صدر انعم شیر تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ مندرہ کی موبائل سنیچرز کے خلاف منظم کاروائی جس میں مندرہ پولیس نے گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر کے چھینے گئے چار موبائل فون، مسروقہ رقم 30 ہزار روپے اور دیگر سامان برآمد کر لیا، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا کہ گینگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اہل بیت کی قربانی رہتی دنیا تک زندہ رہے گی، حنیف مغل

محرم الحرام انسانیت کے لیے قربانی اور ایثار کا عظیم فلسفہ، چیئرمین تحریک شاد باد



راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) چیرمین پاکستان تحریک شاد باد ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے کہا ہے کہ محرم الحرام کا پیغام انسانیت کے لیے قربانی اور ایثار کا عظیم فلسفہ ہے، حضرت امام حسین نے محرم کے موقع پر اپنی اور اہل بیعت کی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے اسلام کی بقا کے لیے عظیم خدمت سرانجام دی ہے جو رہتی دنیا تک اسلام کی تاریخ میں زندہ رہے گی، ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے گزشتہ روز یہاں پی ٹی ایس کے زیر اہتمام محرم الحرام کے حوالے سے منعقدہ خصوصی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

عالمی تیل کی منڈی پر روس یا مشرقِ وسطی کے بجائے چین کا اثر بڑھنے لگا

نئی دہلی (آئی این پی) ایران جنگ کے دوران آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث عالمی تیل کی سپلائی شدید دباؤ کا شکار رہی تاہم تیل کی قیمتیں ماضی کے بڑے بحرانوں کی طرح غیر معمولی حد تک نہیں بڑھ سکیں، ماہرین کا کہنا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

احتشام الحق خٹک یونائیٹڈ یوتھ پارلیمنٹ کے رکن منتخب

مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے، گفتگو

اسلام آباد (پ ر) نوجوان سماجی و عوامی شخصیت احتشام الحق خٹک یونائیٹڈ یوتھ پارلیمنٹ (UYP) کے یوتھ ایم پی اے منتخب ہو گئے ہیں۔ ان کے انتخاب پر دوست احباب، سماجی و سیاسی حلقوں اور نوجوانوں نے انہیں مبارکباد پیش کی ہے۔ اس موقع پر احتشام الحق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

مغربی بنگال: ”بی جے پی“ حکومت نے اقلیتی امور، مدارس کے بجٹ میں بھاری کٹوتی

کولکتہ (کے ایم ایس) بھارتی ریاست مغربی بنگال میں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) حکومت نے اپنے پہلے ہی بجٹ میں اقلیتی امور اور مدرسہ تعلیم کے شعبے کیلئے مختص رقم میں نمایاں کمی کر دی ہے۔ ہندو توا حکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

15 مجرمان اشتہاریوں سمیت 23 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری۔ سنگین جرائم میں ملوث 15 مجرمان اشتہاریوں سمیت 23 جرائم پیشہ عناصر گرفتار۔ ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

سابق اسرائیلی وزیر اعظم کا ایران میں نیتن یاہو کی ناکام سازش کا اعتراف

مقبوضہ بیت المقدس (آئی این پی) سابق اسرائیلی وزیر اعظم نفتالی بینیٹ نے اعتراف کیا ہے کہ ایلون مسک کی کمپنی اسٹارلنک کی ہزاروں انٹرنیٹ ڈیوائسز ایران میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پٹرولیم قیمتوں میں کمی عوامی ریلیف کی جانب اہم قدم، شاہد ستی

مہنگائی کے مؤثر کنٹرول اور عوامی فلاح کے لیے مزید عملی اقدامات کیے جائیں

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) سیاسی و سماجی شخصیت، سابق ایم پی اے و پارلیمانی سیکرٹری شاہد ریاض ستی نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے عوامی ریلیف کی سمت ایک مثبت پیش رفت قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول کی قیمت میں 74 روپے فی لیٹر اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 67 روپے فی لیٹر کمی سے عوام کو براہِ راست ریلیف حاصل ہوگا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ملتان، لڑکی غیرت کے نام پر قتل بھائی، باپ اور دیگر افراد فرار

ملتان (آئی این پی) ملتان کی تحصیل شجاع آباد میں 22 سال کی لڑکی کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کے بعد لڑکی کے بھائی، باپ اور گھر کے دیگر افراد فرار ہو گئے۔ سی پی او کے مطابق مبینہ طور پر غیرت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

کنز الایمان میں 11 ویں شہید اعظم کانفرنس آج ہوگی۔ انتظامات مکمل

اسلام آباد (پ ر) کنز الایمان میں 11 ویں شہید اعظم کانفرنس آج ہوگی۔ انتظامات مکمل۔ کانفرنس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

جلوس روٹ سے ملحقہ راستوں کو سیل رکھا جائے، ڈی پی او اٹک

سینئر افسران کے ہمراہ 08 محرم کے مرکزی جلوس کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ

دومیل (بیورو رپورٹ) ڈی پی او اٹک کا ڈپٹی کمشنر اٹک اور پاک آرمی کے سینئر افسران کے ہمراہ سٹی اٹک میں 08 محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ، تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک سردار موارہن خان نے ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اسرائیل کو ہر صورت لبنان سے نکلنا ہوگا، حزب اللہ

بیروت (آئی این پی) حزب اللہ کے سربراہ نعیم قاسم نے کہا ہے کہ اسرائیل کے پاس اس کے سوا کوئی راستہ نہیں کہ و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

صحافی نجیب جرال کو دھمکیاں، پریس کلب دولتالہ کا شدید ردعمل

آزادیٔ صحافت پر کسی قسم کا دباؤ یا قدغن برداشت نہیں کی جائے گی، اراکین

گوجرخان (بیورو رپورٹ) مرکزی پریس کلب دولتالہ کے اراکین نے پریس کلب کے صدر محمد نجیب جرال کو سوشل میڈیا پر دی جانے والی مبینہ دھمکیوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے آزادیٔ صحافت اور حقِ اظہارِ رائے پر حملہ قرار دیا ہے۔ پریس کلب کے اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ کسی بھی صحافی کو اس کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

جہلم ویلی، دونوں حلقوں میں 53 امیدواران کی لسٹیں آویزاں

چناری (صباح نیوز) جہلم ویلی کے دونوں حلقوں چھ اور سات میں 27 جولائی کے روز ہونے والے انتخابات میں حصہ لینے والے 53 امیدواران کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال مکمل، امیدواران کی لسٹیں آویزاں کر دی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کے روز حلقہ چھ جہلم ویلی کے ریٹرننگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

امام حسینؑ کا فلسفہ ظلم کے سامنے ڈٹ جانے کا ابدی پیغام، ساجد عباسی

دین کی سربلندی، نصاف اور انسانیت کی حفاظت کیلئے ہر قربانی دینے کا جذبہ اپنایا جائے

راولپنڈی (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے سینئر نائب صدر راجہ ساجد محمود عباسی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ حضرت امام حسینؓ کا فلسفہ حق، صداقت، عدل، صبر، استقامت اور ظلم کے سامنے ڈٹ جانے کا ابدی پیغام ہے۔ محرم الحرام ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ دینِ اسلام کی سربلندی، انصاف کے قیام اور انسانیت کی حفاظت کے لیے ہر قربانی دینے کا جذبہ اپنایا جائے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں حکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

SHEHAR NAMA Islamabad شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

- ★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- ★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
- ★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- ★ آپ کا حق تلف کیا گیا
- ★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
- ★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- ★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
- ★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
- ★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- ★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ضرورت نمائندگان

SNN شہرنامہ نیوز

SHEHAR NAMA Islamabad شہرنامہ اسلام آباد
ایڈیٹر راجہ جاوید اختر

ہمیں اپنے اخبار روزنامہ "شہرنامہ" اسلام آباد کے لئے مردان ریجن کے درج ذیل علاقوں سے شعبہ صحافت سے وابستہ تجربہ کے حامل کارکن نمائندگان کی ضرورت ہے۔

مردان | تخت بھائی | صوابی | شیر گڑھ
ٹوپی | جہانگیرہ | لوند خوڑ | کاٹلنگ
رزڑ | نوشہرہ | رستم | بخشالی
یار حسین | تورڈھیر | چھوٹا لاہور | چارسدہ

برائے رابطہ: محمد زمان عادل
ریجنل بیورو چیف روزنامہ "شہرنامہ" اسلام آباد
03137771474
03335196088
0512240356
2nd فلور العریش پلازہ، غوری VIP اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com